SENATE OF PAKISTAN
SENATE DEBATES

Thursday, January 4, 1990

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at ten of the clock in the morning, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

(Recitation from the Holy Quran)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۵۔ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِينَ الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَالصَّابِرِينَ عَلَىٰ مَا أَصَابَهُمْ وَالْمُقِيمِي الصَّلَاةِ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ۝

۶۔ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ بِأَنَّ لَهُم مِّنَ اللَّهِ فَضْلًا كَبِيرًا ۝ وَالَّذِينَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوتَ أَن يَعْبُدُوهَا وَأَنَابُوا إِلَى اللَّهِ لَهُمُ الْبُشْرَىٰ ۚ فَبَشِّرْ عِبَادِ ۝ الَّذِينَ يَسْتَمِعُونَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُونَ أَحْسَنَهُ ۚ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ هَدَاهُمُ اللَّهُ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمْ أُولُو الْأَلْبَابِ ۝

ترجمہ :۵۔ اور عاجزی کرنیوالوں کو خوشخبری سناؤ۔ یہ وہ لوگ ہیں کہ جب خدا کا نام لیا جاتا ہے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں اور (جب) اُن پر مصیبت پڑتی ہے تو صبر کرتے ہیں اور نماز آداب سے پڑھتے ہیں اور جو (مال) ہم نے ان کو عطا فرمایا ہے اس میں سے (نیک کاموں میں) خرچ کرتے ہیں۔ سورۃ الحج آیت ۳۴، ۳۵

۶۔ اور مومنوں کو خوشخبری سنا دو کہ اُن کے لئے خدا کی طرف سے بڑا فضل ہے۔ سورۃ الاحزاب آیت ۴۷

۷۔ اور جنہوں نے اس سے اجتناب کیا کہ بتوں کو پوجیں اور خدا کی طرف رجوع کیا اُن کے لئے بشارت ہے۔ تو میرے بندوں کو بشارت سنا دو۔ جو بات کو سنتے اور اچھی باتوں کی پیروی کرتے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کو خدا نے ہدایت دی اور یہی عقل والے ہیں۔ سورۃ الزمر آیت ۱۷، ۱۸

SENATE OF PAKISTAN
SENATE DEBATES

Thursday, January 4, 1990

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at ten of the clock in the morning, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

(Recitation from the Holy Quran)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۵۔ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِينَ الَّذِينَ إِذَا ذُكِرَ اللَّهُ وَجِلَتْ قُلُوبُهُمْ وَالصَّابِرِينَ عَلَىٰ مَا أَصَابَهُمْ وَالْمُقِيمِي الصَّلَاةِ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ۝

۶۔ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ بِأَنَّ لَهُم مِّنَ اللَّهِ فَضْلًا كَبِيرًا ۝ وَالَّذِينَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوتَ أَن يَعْبُدُوهَا وَأَنَابُوا إِلَى اللَّهِ لَهُمُ الْبُشْرَىٰ ۚ فَبَشِّرْ عِبَادِ ۝ الَّذِينَ يَسْتَمِعُونَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُونَ أَحْسَنَهُ ۚ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ هَدَاهُمُ اللَّهُ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمْ أُولُو الْأَلْبَابِ ۝

ترجمہ :۵۔ اور عاجزی کرنیوالوں کو خوشخبری سناؤ۔ یہ وہ لوگ ہیں کہ جب خدا کا نام لیا جاتا ہے تو ان کے دل ڈر جاتے ہیں اور (جب) اُن پر مصیبت پڑتی ہے تو صبر کرتے ہیں اور نماز آداب سے پڑھتے ہیں اور جو (مال) ہم نے ان کو عطا فرمایا ہے اس میں سے (نیک کاموں میں) خرچ کرتے ہیں۔ سورۃ الحج آیت ۳۴، ۳۵

۶۔ اور مومنوں کو خوشخبری سنا دو کہ اُن کے لئے خدا کی طرف سے بڑا فضل ہے۔ سورۃ الاحزاب آیت ۴۷

۷۔ اور جنہوں نے اس سے اجتناب کیا کہ بتوں کو پوجیں اور خدا کی طرف رجوع کیا اُن کے لئے بشارت ہے۔ تو میرے بندوں کو بشارت سنا دو۔ جو بات کو سنتے اور اچھی باتوں کی پیروی کرتے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کو خدا نے ہدایت دی اور یہی عقل والے ہیں۔ سورۃ الزمر آیت ۱۷، ۱۸

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین: جناب احمد میاں سومرو ناسازی طبع کی بناپر ۳۱ دسمبر تا ۲ جنوری، ایران میں شرکت نہیں کر سکے اس لئے انہوں نے ایوان سے ان تاریخوں کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

PRIVILEGE MOTIONS

Mr. Chairman: Privilege Motion : Mr. Ahmedmian Soomro

I) LAYING OF ORDINANCES ON THE TABLE OF THE HOUSE VERY LATE

Mr. Ahmedmian Soomro: Sir, I ask of leave to move a motion of breach of privilege of the Senate occasioned by laying of two Ordinances, namely Ordinance xiii of 1989, promulgated on 30th November, 1989 and No. xiv of 1989, promulgated on 2nd December, 1989, on the table of the Senate on 3rd January, 1990 in violation of Article 89, sub-article (2) of the Constitution and the Rules of Procedure of this House depriving the Senate of its right under the said Article of the Constitution.

Sir, you are aware that yesterday two Ordinances - one promulgated on 30 the November and the other on 2nd of December, 1989, were laid on the table of the House. The House started its present session on the 2nd of December, 1989, the date on which the second Ordinance was issued. Under Article 89(2) of the Constitution and Rule 126 of the Rules of Procedure it is very clear that the Ordinances are required to be laid on the table of the House as early as possible when the session starts and its laying on the table of the House after even a month is clearly a violation of the Constitution and Rules of Procedure. I would, Sir, draw your kind attention to a ruling of the then Chairman on a point of order that had been raised by you, Sir, when you were a member and not Chairman. The learned Chairman, now President of Pakistan, had in his ruling, after discussing the various points put forward by the members of the Senate, I also respectfully had taken part in the debate, and the ruling given by the Chairman was.

> "The fact, however, remains that the Bill is not the original Ordinance and the Ordinance as such was not placed before the

House, although it was a statutory requirement because Article 89(2) very clearly provides that it should be laid before the two Houses. This, it must be accepted, was not done. It the placing) has been done today and we can consider the effect of that separately, but at this stage we have to be clear on the point and must determine when the Ordinance should have been placed before the House. The 'Tafseer' of Article 89(2) is in a way given in the Rules and Rule 126 of the Rules of Procedure provides that on the commencement of a session, as soon asa may be, all Ordinance referred to ... etc., made after prorogation of the last session shall be laid on the table. Now much depends on the interpretation of the phrase 'as soon as may be' but placing a reasonable interpretation on it, it cannot mean that the placement should be delayed for full two weeks; and that too should be in response to a point of order raised by one of the honourable members in the House. Thus, there has been a delay, beyond the scope of as soon as may be and there has been a lapse, as for this particular provisionis concerned. Notwithstanding the delay, however, no one can say as to what would have been the consequences if the Ordinance had been placed before the House earlier ..... Accordingly 81 hold the point xxx raised by Senator Wasim Sajjad to be in order".

Now, Sir, here in this ruling obviously it referred to a case where the Ordinance was laid before the House after two weeks. In the present case one Ordinance passed on 30th November has been laid on the table of the House on 3rd of January in a subsequent year - this was 1989, this is 1990. Again, the Ordinance, on the day that this session was to start was promulgated and the very next day the National Assembly was meeting and going into session. Only one day before that the second Ordinance was issued.

Sir, the Ordinances are issued in an emergency and naturally the spirit is that the National Assembly is to meet after quite some time and not within a reasonable time. Here, Sir, the National Assembly was to meet on the next day of the promulgation of this Ordinance on 2nd of December. In fact, on second of December there was a joint session, on the same evening the Senate was to come into session and the next day the National Assembly

[Mr. Ahmedmian Soomro]

was to go into session. Now, Sir, there was no urgency in issuing this Ordinance which is a very special power which the President on the advice of the government exercises. Here there was no such urgency for these Ordinances to be issued on 2nd of December and 30th of November, and the more important lapse is that they were not placed on the table of this Honourable House on the 2nd of the December when it met. This, Sir, this House has been deprived of its right to disapprove that Ordinance. Today this House, as I understand, is being prorogued and a very valuable right of this House of disapproving the Ordinances x cannot be exercised. I would respectfully submit that this is a clear violation of the letter and spirit of the Constitution as provided in Article 89 and this is, therefore, clearly Sir, a breach of privilege of this honourable House.

Mr Chairman: Thank you. Prof. Khurshid Ahmed and Mr. Muhammad Ali Khan, you have also given notices of a similar motion?

Mr. Muhammad Ali Khan: Yes, similar motion, Sir.

جناب چیئرمین: جی فرمائیں آپ کیا کہنا چاہتے ہیں۔

Mr. Muhammad Ali Khan: Mr. Chairman Sir, yesterday two Ordinance were laid on the table of the House by the Minister for Parliamentary Affairs knowing fully well that this House is going to be prorogued today. Sir, one Ordinance was promulgated on the 30th of November 1989 and the other one on 2nd of December, 89 that was just one day before the National Assembly's session. This amply shows the love and respect for democracy of the ruling party which beats its drums about this thing day in and day out.

Sir, we started this session of the Senate on the 2nd of December 1989 and I am sure they could have easily placed these two Ordinances before us then. I am at a loss to understand as to what prompted the government for such an inordinate delay in this connection. Sir, if this House has passed a number of government Bills in the shortest possible period it should not mean on any account whatsoever that we should be taken for granted. Rules should be observed and not violated. It is not that we want to raise objections for the sake of objections nor do we intend to oppose certain matters just for the sake of opposition. Frankly speaking we will be failing in

our duty as Senators if we condone each and every move of the government without looking into it. Sir, is this the way that the Senate is being treated? I am sure this is not the way that the Upper House should be treated specially when we here intend to cooperate with the government in matters which we feel are in the best interest of the country. Was yesterday the earliest opportunity for the government to lay these two Ordinances before us? This is a very important issue Sir, which we want to bring to the notice of the government that they should abide by the rules and regulations. Are the Ministers so busy or are they so few that it is well night impossible for them to attend to the business of the House? May be that these Ministers have lost interest in the affairs of the State since the last six weeks for reasons known best to them. The Prime Minister should now come to their help and rescue and try to put an end to this period of frustration and anxiety of her Ministers because the earlier it is done the better it would be, because the work of the Parliament Sir, is suffering. So, this period of uncertainty must be put an end to. Sir, with these words I request that this should be accepted. I thank you, Sir.

Mr. Chairman: Prof. Khurshid Ahmed.

صرف یہ مجھے بتا دیں،

If somebody knows when was the last session of the Senate prorogued? The present session began on the 2nd of December.

Last session کب Prorogue ہوا تھا؟

An honorable Senator: 5th October.

جناب چیئرمین: 5th October کو۔ ٹھیک ہے۔

جی جناب پروفیسر خورشید صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! Privilege motion کے الفاظ بھی کم و بیش وہی ہیں جو محترم احمد میاں سومرو صاحب اور محمد علی خان صاحب نے پیش کی ہیں اور ہم تینوں نے کم و بیش مشترک انداز ہی میں اس مسئلے کو اٹھایا ہے۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ اس پر دو پہلوؤں سے غور فرمائیں ایک اس کا خالص قانونی اور دستوری

[Prof. Khurshid Ahmed]

پہلو ہے اور دوسرا اس کا سیاسی پہلو ہے آیئے پہلے ہم قانونی اور دستوری پہلو لیں ۔ میرے محترم بھائی سینیٹر سومرو صاحب نے Article 89(2) کی وضاحت کی ہے اور میرا خیال ہے کہ اس کی شاید دو تعبیریں نہیں کی جا سکتیں کہ آرڈیننس جاری کرنے کا اختیار حکومت کو ضرور دستور کے تحت دیا گیا ہے ۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی لازم کیا گیا ہے کہ پہلے موقع کے اوپر منی بل قومی اسمبلی کے سامنے اور باقی سارے قوانین دونوں ایوانوں کے سامنے پیش کر دیئے جائیں ۔ قانون سازی پارلیمنٹ کا کام ہے حکومت کا کام نہیں ہے ۔ حکومت کو ایک Temporary اختیار غیر معمولی حالات میں دیا جاتا ہے اور اس شرط کے ساتھ دیا جاتا ہے کہ جیسے ہی پارلیمنٹ سیشن میں آئے وہ قوانین اور آرڈیننسز پارلیمنٹ کے سامنے لائے جائیں ۔

جناب والا ! اس بارے میں اس ایوان میں اس سے پہلے جو بحث ہوئی ہے اس میں مختلف دستوری Authorities quote کر کے ہم نے یہ بھی بتایا تھا کہ اگر یہ کام نہ کیا جائے اور اس میں deliberate delay واقع ہو جائے تو یہ بھی تصور کیا جا سکتا ہے کہ وہ نہ صرف دستور کی خلاف ورزی ہوئی ہے اور ایوان کے استحقاق کو مجروح کیا گیا ہے بلکہ وہ آرڈیننس بھی غیر مؤثر ہو جاتا ہے اس معاملے میں میں آپ کو refer کروں گا ۔ اے ۔ کے بروہی کی کتاب Fundamental Law of Pakistan اس میں انہوں نے آرڈیننس کے باب میں اس مسئلے پر بحث کی ہے اور یہ بتایا ہے کہ اگر بروقت پارلیمنٹ کے سامنے آرڈیننس نہ لایا جائے تو پھر اس سے یہ infer کرنے کے لئے اہم اور کافی گنجائش موجود ہے کہ ایسا آرڈیننس ineffective ہو جاتا ہے ۔ جناب والا ! رولز اور دستور دونوں کے تحت یہ ضروری تھا کہ دونوں آرڈیننس ایوان کے سامنے بروقت لائے جائیں لیکن جیسا کہ حقائق ہیں ، ایک آرڈیننس ۳۰ نومبر کو اور دوسرا ۲ دسمبر کو جاری کیا جاتا ہے یہ ایوان ۲ دسمبر کو ملتا ہے اور یہاں بھی بطور جملہ معترضہ کے ایک بات عرض کر دوں کہ بلاشبہ یہ بات صحیح ہے کہ دستور میں یہ الفاظ لکھے ہوئے ہیں۔

When the National Assembly is not in session.

لیکن میں آپ کو یاد دلاؤں گا کہ ۱۹۷۳ء کے دستور میں originally قوانین Originate ہونے تھے نیشنل اسمبلی میں اور سینیٹ میں انہیں صرف توثیق کے لئے آنا تھا یا تردید کے لئے۔ لیکن اب دستور میں ترمیم کے بعد قوانین دونوں ہاؤسز میں originate کرتے ہیں۔ سینیٹ میں بھی اور نیشنل اسمبلی میں بھی تو دراصل ۲ر تاریخ کو جب سینیٹ in session ہو رہا تھا اسی دن اس آرڈیننس کو نافذ کرنا اور پھر اس کے ایک مہینے کے بعد سینیٹ میں اس کو لے کر آنا یہ سینیٹ کے ساتھ بڑی زیادتی ہے کیونکہ یہ اس کے استحقاق کو مجروح کرنے کی ایک واضح مثال ہے۔

جناب والا! میں ایک بات یہ بھی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ سینیٹ ۲ر تاریخ سے ۱۲ر تاریخ تک in session رہی گیارہ دن سینیٹ in session تھی۔ اس کے بعد پھر ۲۳ر کو دوبارہ سیشن شروع ہوا اور ۲۳ر تاریخ سے لے کر ۳۰ر تاریخ تک اس کو in session رہنا تھا گویا کہ اس پورے مہینے میں سینیٹ in session تھی لیکن اس کے باوجود نہ ۲ سے ۱۲ کے درمیان اور نہ ۲۳ کے فوراً بعد ان آرڈیننسوں کو اس ایوان میں لایا گیا بلکہ ۳۰ر تاریخ کو لایا گیا اور جناب والا! میں یہ بھی عرض کروں رولز کے تحت ہم اس آرڈیننس میں کوئی ترمیم کرنا چاہیں تو اس میں amendment کے لئے دو دن پہلے نوٹس دینے کی ضرورت ہے تو ایسے وقت میں لایا گیا جب amendment دینے کا موقع بھی نہ ہو آپ کو یاد ہوگا ہم نے کل ایوان میں یہ بات کہی تھی فی الحقیقت ہمارا پہلا جو first wild reaction. ہے وہ یہ ہے کہ ہم move کرتے ہیں ان دو آرڈیننسوں کی rejection جو یہ ایوان اپنے خصوصی اختیارات استعمال کر کے کر سکتا ہے اور آج بھی ہم باقی کارروائی کو suspend کر کے یہ کام کر سکتے ہیں۔ لیکن میں بتانا چاہتا ہوں کہ سینیٹ کا رویہ جذباتی کبھی نہیں رہا۔ ہمیں اس پر ضرور دکھ ہوا غصہ بھی آیا لیکن ہم نے غصے کے اظہار کے لئے وہ راستہ اختیار نہیں کیا جو خالص سیاسی راستہ تھا ہم نے Privilege motion کا راستہ اختیار

کیا تاکہ حکومت اور قوم کو بتلائیں کس طرح قانون سازی کے کام کے ساتھ مذاق کیا جا رہا ہے کس طرح سینٹ کو نظر انداز کیا جا رہا ہے اور سینٹ جو اپنے اختیارات استعمال کر سکتا ہے اور کرنے چاہئیں اور دستور کے تحت کرنا اس کی ذمہ داری ہے اس طریقے سے چیزیں لائی جا رہی ہیں کہ وہ اپنے فرائض کو انجام نہ دے سکیں گویا کہ سینٹ کو a void کیا گیا اور ایک ایسے موقع پر ایک ایسے انداز میں قانون کو لایا گیا کہ اس کا صحیح جائزہ اس کی تائید یا ترمیم اس کا موقع ہمیں اس سیشن میں حاصل نہ ہو۔ خالص دستوری اور قانونی اعتبار سے، سینٹ کے استحقاق کو مجروح کیا گیا ہے، دستور کی خلاف ورزی ہوئی ہے، ماضی کے فیصلوں سے صرف نظر کیا گیا ہے لیکن جناب اس کے ساتھ ساتھ سیاسی طور پر بھی میں چاہتا ہوں کہ آپ کے سامنے یہ بات آئے کہ ملک کے دستور میں قانون سازی کا جو راستہ اختیار کیا گیا ہے وہ دراصل نیشنل اسمبلی اور سینٹ کے ذریعہ سے ہے۔ آرڈیننس کے ذریعہ سے قانون سازی، ایک exception ہے، جو normal چیز نہیں ہے۔ لیکن موجودہ حکومت کے ایک سال کا ریکارڈ یہ ہے کہ یہ معمول کے مطابق قانون کا مسودہ قومی اسمبلی یا سینٹ میں نہیں لاتے، کوشش کرتے ہیں کہ صدارتی آرڈیننس کے ذریعہ سے ترامیم لائی جائیں جب سینٹ یا اسمبلی کے اجلاس ہو رہے ہوتے ہیں، یہ چپ بیٹھے رہتے ہیں، جیسے ہی سیشن ختم ہوتا ہے، اس کے فوراً بعد آرڈیننسوں کی بھرمار شروع ہو جاتی ہے، اس وقت تک ایسے ۴۳ آرڈیننس آ چکے ہیں جن کے ذریعہ قانون سازی کی جو بھی لنگڑی لولی کوشش کی گئی ہے، بجائے اس کے ان تمام کو directly بطور ایک بل کے اسمبلی یا سینٹ میں introduce کیا جاتا۔ اب آپ خیال فرمائیے کہ اسمبلی اور سینٹ اکتوبر میں in session تھے ان میں سے ایک آرڈیننس وہ ہے جو اس سے پہلے جاری کیا گیا تھا، lapse ہو گیا اور اس کو دوبارہ issue کیا گیا لیکن اس کو ایک normal Bill کی شکل میں اسمبلی یا سینٹ کے سامنے نہیں لایا گیا۔ یہ خالص malafide ہے۔ یہ ظاہر کر رہا ہے کہ آپ قانون سازی، اسمبلی اور سینٹ

کے ذریعہ سے نہیں کرنا چاہتے بلکہ آپ کوشش کرتے ہیں کہ جو ایمرجنسی کے short cut اختیارات حاصل ہیں، ان کو invoke کریں، اس وقت بھی ایسے ۳۶ آرڈیننسز ہیں جو جاری کئے گئے ہیں۔ ان میں سے چند اب سینٹ اور اسمبلی میں لائے گئے ہیں باقی اب بھی نہیں لائے گئے۔ جناب والا! سیاسی اعتبار سے میں سمجھتا ہوں کہ یہ جمہوریت کے ساتھ مذاق ہے، یہ قانون سازی کا جو معروف طریقہ ہے، اس سے انحراف کیا جارہا ہے اور خالص آمرانہ انداز میں جو رویہ اختیار کیا جاتا ہے، یعنی یہ کہ جب اسمبلی prorogue ہو جائے یا جب سینٹ prorogue ہو جائے تو چند آرڈیننس لے لئے جائیں اور پھر چند آرڈیننس کو آخری وقت میں سینٹ یا اسمبلی میں لے لیا جائے تاکہ ان کو چار مہینے کی مدت مل سکے۔ یہ طریقہ بالکل سیاسی اعتبار سے غلط ہے اور حکومت کو چاہیے کہ وہ اپنے اس رویہ کو بدلے اور جو معروف قانون سازی کا طریقہ ہے اس کے مطابق کام کرے اسے یقین رکھنا چاہیے کہ ہم جیسے کہ محمد علی صاحب نے کہا ہے کہ ہر معاملے کو اس کی میرٹ پر جانچیں گے اور جیسے میں نے آپ سے عرض کیا ہے کہ آج بھی سینٹ کو یہ اختیار ہے، ہم صرف اپنی اکثریت کا فائدہ اٹھانا چاہئیں، تو ان دونوں، آرڈیننسوں کو reject کر سکتے ہیں لیکن ہم نے یہ راستہ اختیار نہیں کیا، بتانا چاہتے ہیں کہ حکومت اپنے اس رویہ کو بدلے، صحیح جمہوری راستہ اختیار کرے، قواعد و دستور کا احترام کرے اور ہم بھی اسی انداز میں اس ملک کی خدمت کرنا چاہتے ہیں لیکن اگر انہوں نے رویہ نہ بدلا تو ہم کو بھی پھر وہ راستہ اختیار کرنا پڑے گا جس کے نتیجہ کے طور پر وہ مشکلات محسوس کریں گے اور ہم نہیں چاہتے کہ وہ اس راستہ کو اختیار کریں شکریہ۔

جناب چیئرمین: ڈاکٹر شیرافگن،

ڈاکٹر شیرافگن خان نیازی: جناب چیئرمین! اس ضمن میں، میں گزارش کروں گا کہ اس کے دو پہلو ہیں ایک پہلو تو constitutional aspect ہے اور ایک اس کا اخلاقی پہلو ہے۔ constitutional aspect سے کوئی بھی آرڈیننس آرٹیکل ۸۹ کے تحت promulgate ہوتا ہے، صدر اسے نافذ کرتے ہیں اور

اس ضمن میں تین چیزیں بڑی واضح ہیں۔ (۱) آرڈیننس کی شکل میں اس کی عمر ۱۲۰ دن ہوتی ہے۔ یہ دستوری عمر ہے۔ (۲) اس دوران وہ بل کی شکل میں ایوان میں introduce کر دیا جائے اور پھر بعد میں وہ Act بنے یا پھر ایوان اسے مسترد کر دے۔ تیسری شکل یہ ہوتی ہے کہ آرڈیننس کو صدر مملکت واپس لے لیں جناب والا! جہاں تک اس کو lay down کرنے کی اصولی بات ہے، میں اس سے اتفاق کرتا ہوں بلکہ یہاں تک کہتا ہوں کہ پہلی ہی Sitting میں اس کے نفاذ کے بعد ہر آرڈیننس کو، ہر دو ایوانوں کی ٹیبل پر آنا چاہیے۔ پہلے ہی دن، پہلی ہی Sitting میں، جب بھی اجلاس منعقد ہوا سے ہاؤس میں آنا چاہیئے، یہ ایک صورت ہے، جو مدنظر رکھی جاتی ہے لیکن بعض اوقات اگر اس میں delay ہو جائے، جو کہ ممکن ہے اور بعض حالات میں ہوئی بھی ہے، اگر precedents دیکھیں تو انڈیا میں ایسا ہوا ہے، اس شکل میں بھی اس کی ایک صورت ہے کہ اس کے جواز میں اگر کوئی ایسی چیز آگئی ہے، سہواً ہوگیا ہے، یا place کرنا چاہیئے تھا وہ Orders of the Day پر نہیں لایا جاسکا کسی وجہ سے، تو اس کے لئے ایک معافی کا خانہ بھی ہے اور وہ Provision بھی موجود ہے بلکہ دستور میں ایک آرٹیکل موجود ہے، میں معزز سینیٹر کی توجہ آرٹیکل ۲۵۴ کی طرف دلانا چاہتا ہوں کہ اگر دستور میں تاریخ یا ٹائم دیا گیا ہو۔

and within that period a thing is not done, it does not become unconstitutional.

Mr. Chairman: No. it does not become invalid.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Invalid thereby when it does not become invalid, when it does not create any privilege to be encroached upon or breached upon.

Mr. Chairman: No, no. Dr. Sahib the two things do not follow each other. You see, there is no argument from any Senator that the Ordinance becomes invalid. The arguments of the honourable Senator as I understand it, is that by delaying the placing of the Ordinance on the table of the House which you say should have been on the first day. Now if it had been placed on the table of the House on the 2nd or on the 3rd then the House could

have passed a resolution disapproving it and this would have ceased to be law on the 3rd of December, you have deprived them of that opportunity by placing the Ordinance on the table of the House on the 3rd of January for full month the Ordinance has been enforced although the House could have exercised its powers. The House has been prevented from exercising its powers either way by not placing it on the Ist day as you yourself say 'should have been done.' that is the argument there is no argument that it has become invalid. It is still a law.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب والا! میری گزارش یہ ہے کہ آپ اچھی طرح جانتے ہیں، آپ law کے بھی expert ہیں اور پارلیمانی procedure کو بھی آپ ہم سب سے بہتر جانتے ہیں کہ اس میں وہ کون سی بات ہے۔۔۔ جیسے کہ آپ فرما رہے ہیں کہ ان کا حق تھا، اس لئے encroach upon ہو گیا ہے۔

for delaying that it should have been put on the very first day.

جناب چیئرمین: وہ تو آپ خود کہہ رہے ہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: میں تو عرض کر رہا ہوں اور میں نے کوئی بات چھپائی نہیں ہے کہ جو precedents ہیں، جو اس کے متعلق روایات ہیں جو requirements ہیں، بنیادی بات یہ ہے کہ جب بھی اجلاس شروع ہو تو Ordinances کو ساتھ ہی ہاؤس میں لانا چاہیئے

Otherwise if that is not there then it is put on the table of the Assembly or the Senate. Now in the other way when it is put to the House that is known as introduced to the House and becomes a Bill.

وہ بل کی حیثیت اختیار کر جاتا ہے اس وجہ سے جب بھی Order of the Day پر لایا جائے گا۔

it is put to the House, then it is taken, it has been introduced as a Bill.

پھر اس پر legislation and Rules of Procedure. کے مطابق جو بھی صورتحال ہو گی اسے بل تصور کیا جائے گا، چاہے یہ پاس ہوتا ہے یا مسترد ہوتا ہے تو بات کرنے کا مطلب یہ ہے کہ بنیادی طور پر یہ درست بات ہے کہ delay

ہو گئی ہے، اگر کسی کے حق پر ڈاکہ زنی کرنی تھی، تو نہ لایا جاتا اب صورت یہ ہے کہ اسے لایا گیا ہے، کسی وجہ سے Law Department سے اگر delay ہو گئی ہے' then I am sorry for that آئندہ ہم کوشش کریں گے کہ ایسا نہ ہو اور کوئی بھی آرڈیننس ہو، تو اسے فوری طور پر ایوان میں لایا جائے۔

پروفیسر خورشید احمد: کوشش سے کیا مراد ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: "کوشش" سے میری مراد یہ ہے کہ میں حتمی گارنٹی نہیں دے سکتا، کیونکہ بعض اوقات absolute term میں وہ compliance نہیں ہو سکتی، اس لئے آدمی کو قصوروار بننا پڑتا ہے۔ کوشش سے میری مراد یہ ہے کہ We will try maximaly کہ آئندہ یہ بات نہ ہو۔

جناب والا! جہاں تک اس سے متعلق breach of the privilege of the House کی بات ہے تو جناب چیئرمین! میں اس سے اتفاق نہیں کرتا ہوں کیونکہ جہاں تک دستور کی compliance کی بات ہے کہ انہیں کرنی چاہیے تھی گورنمنٹ کا یہ اخلاقی فرض ہے، آئندہ انشاء اللہ ہم اس میں محتاط رہیں گے۔

اب اس میں ایک اور نکتہ اٹھایا گیا ہے کہ چونکہ یہ اجلاس بہت قریب تھا اس لئے ordinance کے promulgation کی چنداں ضرورت نہیں تھی،

It could be brought in the House as Honourable Prof. Khurshid Ahmad said

تو اس میں یہ بات ہے، کہ یہ بھی ضروری نہیں ہے کہ بعض چیزیں بہت اہم ہوتی ہیں اور لفظ بھی ایسا ہی استعمال ہوا ہے اور پروفیسر صاحب خود بھی جانتے ہیں کہ اس میں جو الفاظ استعمال ہوئے ہیں ان کے مطابق یہ آرڈیننس کیسے لائے جاتے ہیں۔

circumstances which render it necessary to take action, make and promulgate Ordinance as the circumstances may require

تو اب اس کے بعد یہ ہے کہ اس میں بعض ایسی اہم چیزیں ہوتی ہیں جو لازماً... چونکہ فوری طور پر اس کا سدباب چاہیئے ہوتا ہے جو کچھ دن پہلے بھی لاگو ہو سکتا ہے

یہ عمومی طور پر بات رہی ہے اور floods of Ordinances کے بارے میں یہ بات clear ہے کہ یہ ہر جگہ پر discourage کیا جاتا ہے کہ فوری طور پر Session سے پہلے بہت سارے مثلاً انڈیا میں ایک دفعہ 13 Ordinances فوری طور پہ نافذ ہوئے اور صرف چند دنوں کے بعد جب Session ہوا تو انہوں نے ان کو discourage کیا یہ بات بھی قابل غور ہے اور ان کی بات بالکل صحیح ہے کہ بہتات میں Ordinances سیشن کے نزدیک یا اس سے پہلے مناسب بات ہے اور یہ جو Legislature کا بنیادی فرض ہے Legislation تو اس میں مداخلت کے برابر بنتی ہے تو اس سے میں اتفاق کرتا ہوں میں اس سے اختلاف نہیں کرتا۔

جہاں تک اس کے Privilege کی بات ہے تو میں گزارش کروں گا یہ Privilege نہیں بنتا لیکن چونکہ بات یہ درست ہے کہ یہ دونوں Ordinances فوری طور پر lay ہونے چاہئیں تھے اور نہیں ہوئے کسی وجہ سے delay ہوئی ہے تو اس کے لئے میں معذرت خواہ ہوں اور آئندہ کوتاہی نہیں ہوگی

(INTERRUPTIONS)

Mr. Chairman: On the 3rd of January, 1990, the Minister of State for Parliamentary Affairs, Dr. Sher Afgan Khan Niazi placed on the Table of the House two Ordinances namely, Ordinance No. xiii of 1989, which was promulgated on the 30th of November, 1989 and Ordinance No. vix of 1989, which was promulgated on the 2nd of December, 1989.

The Minister concerned in laying the Ordinances on the Table of the Senate was acting in pursuance of Article 89, Sub-clause(2) of the Constitution of Pakistan. 1973. This morning that is 4th of January, 1990, honourable Senators namely, Mr. Muhammad Ali Khan Hoti, Prof. Khurshid Ahmed and Mr. Ahmedmian Soomro have moved a privilege motion seeking leave of the House to raise a question of privilege on the ground that the Ordinances namely Ordinance No. xiii of 1989, and Ordinance No. xiv of 1989, had been laid on the Table of the House after a delay of nearly 30 days in one case and about 33 days in the other case. According to the honourable Senators in laying these Ordinances on the table of the House after such a long and abnormal delay the House has been deprived of the privilege and right to pass a resolution of disapproval as provided in Article 89 of the Constitution of Pakistan. This

[Mr. Chairman]

matter was earlier dealt with by the Chair in the ruling which is reported on page 94 of the 'Decisions of the Chair' (1985-1987) in dealing with a similar question, the then Chairman, Mr. Ghulam Ishaque Khan, came to the conclusion that:

> "The 'Tafseer' of Article 89, clause (2) is in a way given in the Rules and Rule 126 of the Rules of Procedure provides that on the commencement of the session as soon as may be all Ordinances Referred to .... etc. made after prorogation of the last session shall be laid on the Table. Now much depends on the interpretation of the phrase' as soon as may be' but placing a reasonable interpretation on it, it cannot mean that the placement should be delayed for full two weeks and that too should be in response to a point of order raised by one of the honourable Members of the House."

In the instant case, the delay is much greater. As I pointed out already that the delay is about 30 days in one case and 33 days in another case. In a sense, it means that the Ordinances have been laid to continue as a law although it could have been disapproved either on the 3rd of December or later if the Ordinances had been placed on table of the House in accordance with the intention and requirement of the Rules of Procedure of this House.

Dr. Sher Afgan, the Minister of State for Parliamentary Affairs has opposed this privilege motion. He has stated that the Ordinances should have been placed on the Table of the House as on the first day that the House met i.e on the 2nd of December, 1989. He regrets that it was not done and he states that this is not a violation of the Constitution, but nevertheless, he does concede that it is a violation of the Rules of Procedure of this House. He has also submitted that the violation which has taken place was unintentional. He has also referred to Article 254 of the Constitution where it is provided that:

> "When any act or thing is required by the Constitution to be done within a particular period and it is not done within that period, the doing of the act or thing shall not be invalid or otherwise ineffective by reason that it was not done within that period".

I do not think the reference to Article 254 is apt or relevant in the present circumstances. None of the Senators has argued that the Ordinances have become invalid by not being placed on the table of the House. The argument of the honourable Senators is that by not placing the Ordinances on the table of the House at the earliest opportunity, the House has been deprived of its constitutional rights to disapprove the Ordinances as provided in Article 89 of the Constitution.

In view of the clear Constitutional position as given in the Article 89(2) and the Rules of Procedure of this House particularly Rule 132 which provides:

> "On the commencement of a session as soon as may be all Ordinances referred to in sub-para (ii) of para (a) of clause (2) of Article 89 made after prorogation of the last session, shall be laid on the Table."

And also on account of the ruling of the Chair to which I have referred to, I have *prim facie* come to conclusion that the privilege motions are in order. Accordingly the motions stand referred to the Privileges Committee for such an action as the Committee may deem fit. It would be a relevant factor for the Committee to consider whether the Ordinances were not laid on the Table of the House is a deliberate act or is due to unintentional negligent act? However, it is for the Committee to decide. So, accordingly these motions stand referred to the Committee concerned.

Mr. Ahmedmian Soomro on a point of order.

Mr. Ahmedmian Soomro : Sir, a motion has been moved for suspension of rules because we would like to take up the motion for disapproval of these Ordinances to show the government that they cannot by-pass the Senate.

جناب چیئرمین، نہیں پروفیسر صاحب نے جیسے کہا ہے کہ
جذبات والی بات دوبارہ میرے خیال میں ہم نہ کریں یہ جو Ordinances ہیں

Again it is a very important matter that one of the Ordinances deals with the Freedom of the Press and this is an Ordinance which was promulgated, I think, in November or October 1988, after replacing the

[Mr. Chairman]

earlier press law So it is a very important law and, therefore, I think greater care should have been given to that. So, it is a very important law and I don't think it has been dealt with in the manner in which such a law should have been dealt but nevertheless, it is for the Committee now to take what further action they want to take on this matter.

Mr. Sartaj Aziz on a point of order

Mr. Sartaj Aziz: Sir, the important point which was made by the movers has not been answered by the Minister and that is, why other Ordinances which have been issued not laid before the Senate or the National Assembly?

(INTERRUPTIONS)

Mr. Chairman: I do not think, this can be raised by way of a question at this stage but I am sure, the Ministers are aware of the situation and they should realize that all Ordinances which are promulgated must be laid on the Table of the Senate and the National Assembly soon after the sitting commences otherwise the Constitutional intention as given in Article 89 cannot be complied with. So, I think, the Ministers should realize that this ought to be done; this has to be done; it must be done to show our respect for the Constitution and for the National Assembly and the Senate.

Mr. Sartaj Aziz: But can the Privileges Committee go into this question whether there are other Ordinances or not?

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب چیئرمین! ویسے بھی میں نے گزارش کی تھی کہ Ordinances بعض اوقات جب House in Session نہیں ہوتے جو table پہ lay ہونے چاہئیں۔

They are taken to be as they have been presented to the House as well.

جناب چیئرمین: بھائی lay تو کریں ناں وہ تو بعد کی بات ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: دیکھیں ناں! جی ڈاکٹر صاحب! جب آپ lay کرتے ہیں They become Bills, you are quite right. یہاں تو lay ہی نہیں کیا آپ نے

سوال تو یہ ہے کہ اگر۔۔۔۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: نہیں کیا تو پھر Privilege motion آپ نے admit کر لی ہے۔۔۔

جناب چیئرمین: اس دفعہ تو Privilege motion ایڈمٹ۔۔۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: آئندہ یہ جو move کر سکتے ہیں اس وقت کریں گے۔ ہمارے پاس جب reason نہیں ہوگا تو اب وہ admit کر لیں گے۔ ان کو زیادہ۔۔۔۔

جناب چیئرمین: بہر حال اس وقت سوال یہ ہے اگر آپ کے پاس اور Ordinances ایسے ہیں۔۔۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: مجھے نہیں پتہ میں کیوں غلط بیانی کروں۔ انہیں اگر پتہ ہے تو یہ بتا دیں۔

جناب چیئرمین: آپ مہربانی کرکے متعلقہ Parliamentary Affairs Division سے پوچھ لیں متعلقہ محکمہ Parliamentary Affairs ہی ہوتا ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: Law and Justice Ministry جو ہے۔ اس سے میں پوچھ لوں گا۔

جناب چیئرمین: آپ مہربانی کرکے وزارت قانون سے پوچھ کر ان کو بتا دیں۔ جی جناب احمد میاں سومرو صاحب۔

Mr. Ahmedmian Soomro: Sir, the Minister of State seems to be ver vague in his answer. I will draw his attention to the fact that thos Ordinances which have been issued and not laid on the table of this House, that has created a very serious constitutional issue. The right of this House as far as these two Ordinances are convened, you have admitted the motion but what about those Ordinances which they have not even placed on the table of the House which they required to do. They are going to continue them for four months in this manner. Again on expiry of four moths they are going to avoid the parliament in this way. This is a very serious constitutional issue involving the rights of the Senate.

Mr. Chairman: I agree with you

Mr. Ahmedmian Soomro: And no reasons are being given why they have not laid them.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: میں گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ اصولی بات جو تھی وہ میں نے پہلے بھی مانی ہے تاکہ کسی قسم کی ادھر ادھر کی باتیں نہ ہوں اگر (ایسے آرڈیننسز) ہوں گے تو ہماری کوشش ہو گی کہ ۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین: کوشش کا کیا مطلب ہے۔ یعنی lay کرنے میں کیا کوشش ہو گی آپ وہ آرڈیننسز لا کر یہاں lay کر دیں گے۔ اس میں کوشش کی کیا بات ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: lay کریں گے۔ کوشش سے مراد میری یہ ہے کہ وہ ضرور لائیں گے آئندہ اس میں کوتاہی نہیں ہو گی۔

جناب چیئرمین: اگر آپ کے راستے میں کوئی دقت ہے تو بتا دیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: کوئی دقت نہیں ہے ہمارے راستے میں کوئی دیواریں نہیں ہیں۔

جناب چیئرمین: جی جناب پروفیسر صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد: جیسا کہ احمد میاں صاحب نے بھی کہا اور میں نے اپنی گزارشات میں کہا تھا کہ اگر ایسے Ordinances ہیں جو جاری ہو چکے ہیں لیکن ابھی تک سینٹ میں lay نہیں کیے گئے تو حقیقت یہ ہے کہ یہ دستور کا بہت بڑا violation ہے اور چونکہ آج ہی سینٹ prorogue ہو رہا ہے، اس لئے میں آپ سے درخواست کروں گا کہ آپ لاء منسٹر کو بلائیں کہ وہ آکر ایوان کے سامنے اس بات کو explain کریں کہ کیا ایسے آرڈیننس موجود ہیں یا نہیں۔ اگر Parliamentary Affairs کے وزیر explain نہیں کر سکتے تو لاء منسٹر کو بلائیے تاکہ وہ explain کریں۔

Mr. Chairman : Will you kindly send a message to the Law Minister.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: میں معلومات کر کے آپ کو بھجوا دوں گا اگر session نہ ہوا ورنہ کل جب sitting ہو گی تو میں اس میں ۔۔۔۔

جناب چیئرمین: آج مہربانی کرکے لاء منسٹر سے پتہ کر دیں کہ ایسے آرڈیننس ہیں یا نہیں ہیں۔ سیکریٹری وزارت قانون سے ٹیلی فون پر پتہ کرلیں کہ ایسے کوئی آرڈیننس ہیں جو ابھی تک آپ نے lay نہیں کیئے اگر نہیں کیئے تو مہربانی کر کے ان کو فوری طور پر lay کردیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: میں کوشش کرتا ہوں اس کی۔

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی: پوائنٹ آف آرڈر سر۔

جناب چیئرمین: جی ٹھیک ہے ڈاکٹر صاحب۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: میں ابھی ان سے رابطہ کرتا ہوں اور ان سے پوچھتا ہوں کہ کیا کوئی ایسے Ordinances ہیں۔

جناب چیئرمین: جی جناب ڈاکٹر صاحب، پوائنٹ آف آرڈر پر۔

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی: میں تو یہ سمجھ رہی ہوں کہ چونکہ منسٹر صاحب خود ہر بات پر کہتے ہیں کہ مجھے پتہ نہیں ہے اور میں یہ دیکھ رہی ہوں کہ منسٹروں کو کوئی Interest نہیں رہا تو میری Request ہو گی پرائم منسٹر سے کہ ان کے استعفے قبول کر لیں تاکہ جو نئے وزیر آئیں وہ Interest تو لینا شروع کردیں۔

Mr. Chairman: It is not a point of order. Next privilege motion is by Prof. Khurshid Ahmed.

Prof. Khurshid Ahmed: Sir, I seek the leave of the House to move the following motion under rule 60 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the Senate:

> "I was in the U.K. in the first week of December, 1989 and was handed over an official handout of the Pakistan High Commission, Information Division, London, dated 30th Oct, 1989".

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Point of Order.

Mr. Chairman: Sorry Prof. Sahib. I think the Secretary has rightly pointed out that one mover cannot move two privilege motions on the same

day. The Secretary has brought this to my notice. I think it is correct. Let me have a look at it again.

(Pause)

Mr. Chairman: It is correct.

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Sir, It is Rule 62(1) of the Rules of Procedure.

جناب چیئرمین: صحیح ہے جی۔ جی جناب اعجاز جتوئی صاحب۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: اس سے تو خیر متعلق نہیں ہے لیکن وزیر صاحبان کے جواب سن کر مجھے ایک پرانا واقعہ یاد آگیا ہے۔ اندھیر نگری۔ چوپٹ راجہ ٹکے سیر بھاجی ٹکے سیر کھاجا۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: میرا پوائنٹ آف آرڈر اس Context میں یہ ہے کہ آپ نے اسے دوبارہ ڈراپ فرمایا تھا۔ یہ تحریک استحقاق جو تھی پروفیسر خورشید صاحب کی۔

جناب چیئرمین: کیا اس کو ڈراپ کر دیں؟

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: یہ ڈراپ ہو گئی تھی۔

جناب چیئرمین: No. It will not be dropped. وہ take up ہی نہیں ہوئی۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: وہ ڈراپ ہو گئی تھی۔ اور دوسرے میں آپ کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں۔

The same privilege motion has been moved in the National Assembly in the last sitting and it was ruled out of order.

جناب چیئرمین: بہرحال جب یہ move ہو گی تو پھر آپ کی گزارشات پر غور ہو گا۔ بہرحال

We will take up all these matter next time.

جی جناب جنرل سعید قادر صاحب۔

ملک فرید اللہ خان : پوائنٹ آف آرڈر ۔

جناب چیئرمین: جی جناب فرید اللہ خان صاحب ۔

ملک فرید اللہ خان : میں نے چار دن پہلے ایک Call Attention Notice دیا تھا ۔ لیکن ابھی تک متعلقہ وزیر نے ، جیسے انہوں نے Commit کیا تھا ۔ کہ next day وہ اپنا بیان دیں گے انہوں نے وہ آدم خیل کے متعلق کوئی بیان نہیں دیا ۔

جناب چیئرمین: یہ متعلقہ وزیر آفریدی صاحب ہیں ؟

ملک فرید اللہ خان : یہ تو اب حکومت کو پتہ ہونا چاہیئے کہ کون متعلقہ وزیر ہے ۔

جناب چیئرمین: اگر آپ وارث خان آفریدی صاحب کو بلا لیں ۔ Dr. Sher Afgan Sahib I will be grateful We will take up this matter also today.

جناب شاد محمد خان : پوائنٹ آف آرڈر ۔

جناب چیئرمین: جی جناب شاد محمد خان ۔

جناب شاد محمد خان : جناب والا ! میں نے بھی یکم جنوری کو ایک Call Attention Notice دیا ہے ۔ وہ میرے علاقے سے خاص متعلق ہے ۔ اس کا کیا بنے گا حضور والا ۔

جناب چیئرمین: وہ ابھی take up نہیں ہوا ۔ یہ تو take up ہو گیا تھا ۔ آج تو مشکل ہے کیونکہ آج اجلاس prorogue ہو رہا ہے لیکن as soon as we can take it up we will look into it.

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی : سر میں نے بھی ایک Call Attention Notice دیا ہوا تھا جو کہ بلوچستان کے فیڈرل فنڈ کے متعلق تھا جو کہ انہوں نے divert کر دیا ہے ۔ سندھ کے لئے تو وہ کب آئے گا ؟

Mr. Chairman: We will see at the end of the day. If we have time we can look into that. Yes Lt. Gen. Saeed Qadir Sahib.

FURTHER DISCUSSION ON THE PRESIDENT'S ADDRESS

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائر) سعید قادر : شکریہ ! جناب چیئرمین کہ آپ نے

[Lt. Gen. (Retd) Saeed Qadir]

موقع دیا کہ میں اپنے خیالات کا صدر کے خطاب سے متعلق، اظہار کر سکوں۔ ہمارے دوست جتوئی صاحب نے صحیح فرمایا کہ اندھیر نگری چوپٹ راج، اصل میں اگر یہ حکومت، صدر مملکت کا پچھلے سال کا خطاب دل سے اور صحیح طور پر پڑھتی تو شاید یہ موقع نہ آتا کہ صدر مملکت اس سال زیادہ سخت الفاظ استعمال کر کے حکومت کو تنبیہ کرتے۔ ان پر طارق چوہدری صاحب نے جو charge sheet عائد کی ہے اس کی ضرورت تھی یا نہیں یہ الگ بات ہے۔ طارق چوہدری صاحب نے آپ کے سامنے پارٹی کا منشور بھی پیش کیا تھا۔ اس منشور کو تو پارٹی نے ایک طرف رکھ دیا ہے اور اس کے بعد انہوں نے نیا منشور اختیار کیا وہ منشور کیا ہے۔ وہ منشور یہ ہے کہ جمہوریت کو استحکام نہ پہنچایا جائے لاقانونیت کا دور دورہ بڑھایا جائے۔ قانون کی پاسداری نہ کی جائے۔ corruption اور inefficiency کو ترجیح دی جائے۔ یہ مختصراً اس وقت پارٹی کا منشور ہے۔

جمہوریت کی جہاں تک تقویت کا سوال ہے میرا خیال ہے وہ سب کے سامنے ہے۔ ہمارے پڑوس میں حال ہی میں الیکشن ہوئے ہیں۔ ہندوستان کے ان انتخابات میں آپ نے کیا دیکھا ہے؟ کانگریس پارٹی جو سالہا سال سے حکومت کرتی آئی تھی وہ single largest party elect ہو کر واپس آئی لیکن راجیو گاندھی صاحب نے فوری طور پر جا کر استعفیٰ پیش کر دیا اور شکست تسلیم کی۔ حالانکہ وہ single largest party تھی۔ اور ہندوستان کے صدر نے Single Largest Party کو دوبارہ دعوت نہیں دی کہ آپ آ کر حکومت بنائیں۔ اس کے برعکس ہمارے ملک میں کیا ہوا۔ جب پچھلے سال جیسے ہی الیکشن کے نتائج قوم کے سامنے آئے single largest party پارٹی نے فوری طور پر یہ دعویٰ کرنا شروع کر دیا کہ بحیثیت ان کا حق بنتا ہے کہ وہ حکومت بنائیں۔ اگر یہ بات صحیح ہوتی تو آج ہندوستان کی democracy میں پھر راجیو گاندھی کی حکومت ہوتی۔ لیکن سب کے سامنے دنیا کی سب سے بڑی democracy نے یہ ثابت کیا کہ یہ اصول کوئی بنیادی اصول نہیں ہے جس کے اوپر حکومت بنانے کی کوشش کی جائے میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت جمہوریت کا تقاضا یہ تھا اور صدر مملکت کا حق بنتا تھا کہ وہ

ہر پارٹی سے مشورہ کرکے اس پارٹی کو دعوت دیں جو کہ وہ سمجھتے ہیں حکومت بنا سکتی ہو اور اسی کے مطابق انہوں نے پھر جب فیصلہ کیا اور پیپلز پارٹی کو دعوت دی کہ حکومت بنائے تو انہوں نے پھر اس سلسلے میں اس حکومت کو قائم کیا لیکن اس حکومت کو قائم کرنے کے بعد سب کا خیال تھا کہ جمہوریت کو تقویت ملے گی. بجائے تقویت ملنے کے انہوں نے اسی وقت سے جمہوری عمل ایسا اختیار کیا جس سے جمہوریت کی جڑیں کاٹی جائیں اور وہ کیا تھا کہ خود تو فیڈرل لیول پر اپنی حکومت مسلط کر دی لیکن صوبوں میں جو حکومت قائم کی گئی ان کے خلاف فوری طور پر انتشار پیدا کرنے کی کوشش کی گئی اور وہ انتشار آج تک ختم نہیں ہوا۔ ہندوستان میں حکومت بنتے ہی نئے وزیر اعظم نے کیا اقدامات اٹھائے۔ وی پی سنگھ نے سب سے پہلے حکم جاری کیا کہ ان کے جو وزراء ہیں وہ فوری طور پر اپنے assets declare کریں آج بارہ مہینے سے زیادہ کا عرصہ گذر چکا ہے کیا ہماری اس حکومت کو خیال آیا کہ وہ اپنے وزراء سے کہے کہ وہ اپنے assets declare کریں کیسے کہہ سکتے ہیں جب ان کے منشور میں corruption کو بڑھانا ایک ضروری عمل ہے تو وہ کیسے یہ کہہ سکتے ہیں کہ assets declare کریں عام طور پر یہ سننے میں آیا ہے اور بار بار یہ سننے میں آیا ہے کہ مارشل لاء کے دور میں بہت زبردست corruption تھی چلیئے میں مانتا ہوں۔ میں مارشل لاء کے دور کا ساتھی تھا میں مانتا ہوں corruption تھی میں مانتا ہوں میں بھی corruption تھا ہو گئی غلطی اب کیا آپ کی پارٹی جو ہے ان غلطیوں سے آگے بڑھ کر اور غلطیاں کرے گی اس بارہ ماہ میں جو جو کچھ ہوا ہے وہ کس کو نہیں معلوم اور وہ غلطیاں جو گیارہ سال (آٹھ سال مارشل لاء کے اور تین سال محمد خان جونیجو کے) میں ہوئیں ان کے علی الرغم ایک سال میں آپ نے جو کچھ کیا ہے اس کی ذرا تفتیش کرا لیجیئے کل یہاں ایک بڑے Privilege کی بات ہوئی تھی اس Privilege میں کہا گیا تھا کہ شاید کسی وزیر کے اوپر نکتہ چینی کی گئی ہے جس میں پیسے کے لین دین کی بات چیت کی گئی اس میں قاضی لطیف صاحب نے

کیا فرمایا تھا انہوں نے صرف یہ کہا تھا کہ جناب اگر اس پر آپ کو کوئی شک ہے تو ہائی کورٹ کا کوئی جج بٹھا دیجئے ہم تفتیش کروانے کو تیار ہیں اور اس کے سامنے ثبوت بھی پیش کریں گے کیا حکومت اس بات پر تیار ہے؟ محمد خان جونیجو نے تو پلاٹوں کا دس فیصد کوٹہ الاٹ کیا تھا، اس حکومت نے ۱۰ فیصدی کو مات کر کے چالیس فیصدی کر دیا ہے وہ تو کوٹے کا معاملہ ہے اس کے علاوہ اور کیا ہوتا ہے وہ کسی کو پتہ ہی نہیں اور کیا حکومت declare کرنے کو تیار ہے کہ ایک سال میں انہوں نے کتنے پلاٹ کس طرح الاٹ کئے ہیں اور کس کس کو الاٹ کئے ہیں، دی پی سنگھ نے آتے ہی دوسرا قدم کیا اٹھایا اس نے کہا کہ میرا خیال ہے کہ ہندوستان کی ۸۰ کروڑ کی آبادی کے لئے اٹھارہ وزراء کافی ہیں، ماشاء اللہ پاکستان کی دس کروڑ کی آبادی کے لئے ۵۳ وزیر بھی کم ہیں حالانکہ سارے استعفیٰ دے چکے ہیں لیکن استعفے تو چھوڑیئے ان کے ساتھ ۵۰، ۶۰ ایڈوائزروں کی بھی ضرورت ہے اس ایک سال میں آپ نے وہ بھی دیکھا کہ ۵۰ وزراء اور ۵۰ مشیروں نے کیا کارکردگی دکھائی اور کیا اس قوم کی خدمت کی وہ بھی آپ سب کے سامنے ہے پھر دی پی سنگھ نے اور کیا سوچا اس نے سوچا کہ وہ بل فوری طور پر قوم کے سامنے آنے چاہئیں جن کو حکومت issue کر سکتی ہے سب سے پہلے کون سا بل اس نے قوم کے سامنے پیش کیا، سب سے پہلا بل انہوں نے پیش کیا ریڈیو اور ٹیلی وژن کی autonomy کا آپ نے پچھلے ۱۲ مہینوں میں ریڈیو اور ٹیلی وژن کی کارکردگی دیکھ لی ہے سب کو معلوم ہے وہ خبریں جن کا تعلق قطعاً پیپلز پارٹی سے ہوتا ہے زیادہ تر وقت ان کو نشر کرنے میں دیا جاتا ہے پھر یہ پارٹی کا ٹی وی بن جانا چاہیئے اس سلسلے میں بھی شاید دوسرا ٹی وی چینل sanction ہو رہا ہے یا ہو گیا ہے اخبارات میں آچکا ہے اور جلد ہی آپ دیکھیں گے کہ پارٹی کی خدمات کیلئے وہ second TV channel کیا کارنامے انجام دیتا ہے، ۱۲ ماہ میں ٹی وی کی جو کارکردگی دیکھنے کو ملی ہے اور پچھلے ۲۵ سال کے متعلق جو انہوں نے پروگرام پیش کیا تھا اس جیسی کارکردگی پچھلے ۲۴ سال میں کبھی سامنے نہیں آئی جو

اب اس ۱۲ مہینے میں سامنے آئی ہے اور جس بے دردی اور غلط انداز میں اس حکومت نے اس کو اپنے نظریئے کے لئے استعمال کیا ہے شاید نہ کبھی پہلے ہوا ہے نہ آئندہ کبھی ہوگا کیونکہ جو بھی حکومت آئندہ آئے گی وہ ضرور یہ قدم اٹھائے گی جس میں ٹی وی کو total autonomy دی جائے گی۔ Including the Martial Law

اس کے بعد وی پی سنگھ نے اور کیا سوچا، میں آپ کو بار بار وی پی سنگھ کا نام اس لئے لے رہا ہوں کہ وہاں پر ایک مخلوط حکومت بنی ہوئی ہے۔ وہ دنیا کی سب سے بڑی democracy ہے جہاں ہم بار بار بھاگتے ہیں اور ان سے مدد کے طلب گار ہوتے ہیں کہ وہ ہمارے اوپر مہربانیاں کریں اور پاکستان سے کسی قسم کے دوستی کے سمجھوتے کریں۔ میں Foreign policy کے سلسلے میں بات چیت کروں گا جب آپ ہر چیز کے لئے ان کے پاس بھاگتے ہیں تو آپ ان سے یہ سبق کیوں نہیں سیکھتے کہ انہوں نے democracy میں کیا کیا ہے۔ انہوں نے اپنی جمہوریت کو کس طرح پروان چڑھایا اور وہ جمہوریت کے استحکام کے لئے کیا قدم اٹھا رہے ہیں۔ اس بات کا شاید حکومت کو خیال نہیں آتا، میں عرض کر رہا تھا کہ وی پی سنگھ نے اگلی بات جو کی وہ یہ کہ Official Secrets Act کے متعلق وہ ایک بل پیش کر رہے ہیں کہ اس ایکٹ کی کوئی ضرورت نہیں، شاید یہ معاملہ پہلے بھی اس سینٹ میں اُٹھ چکا ہے۔ freedom of information کے سلسلے میں لیکن اس میں کسی قسم کی پیش رفت نہیں ہو سکی میں امید کرتا ہوں کہ Minister of Information اپنی حکومت سے اس قسم کی بات کریں گے جس میں Freedom of Information and Official Secrets Act کو دوبارہ دیکھا جائے۔

اب آپ اپنے معاشی حالات کا ایک جائزہ لیجئے کہ بارہ مہینے میں معاشی حالات کہاں سے کہاں پہنچ گئے ہیں جہاں تک حکومت کا سوال ہے میرا خیال ہے صدر مملکت کا خطاب جو ہے اس کو حکومت نے فوری طور پر نظر انداز کر دیا ہے کیونکہ کل ۳ جنوری کے ایک اخبار کی headline یہ ہے کہ

"A year of success for PPP claims PM"

اور ایک بہت بڑا لمبا چوڑا Article اس پر ہے جو آپ دیکھ سکتے ہیں خود آپ اخباروں میں پڑھ سکتے ہیں کہ حکومت کی ترجیحات اور نیتیں کیا ہیں، لیکن اسی اخبار کے صفحہ ۶ پر جس کا عنوان ہے "Dos dn don'ts for the government" جناب چیئرمین! آپ کی اجازت سے اس میں سے کچھ اقتباسات پیش کرنا چاہتا ہوں۔

"Don't keep blowing your own trumpet. Blowing one's own trumpet has never done any government much good, and it's not likely to do your government much good either. On the contrary, the more you blow your own trumpet the less good it is likely to do you. Do try to have at least one or two pieces of meaningful legislation passed by Parliament."

آپ کیا کریں گے آپ تو Ordinances کے ذریعے حکومت کرنا چاہتے ہیں اور Ordinances کو بھی جس طرح آپ استعمال کر رہے ہیں وہ ابھی آپ کے سامنے Privilege motion کے تحت discuss ہوا ہے یہ پہلی بار نہیں ہے کہ یہ حکومت Ordinances کا استعمال کر رہی ہے بارہ مہینے ملیں جب کہ ہر موقع پر نیشنل اسمبلی اور سینٹ کا وجود موجود ہے ان کی یہاں نشستیں باقاعدگی سے ہو رہی ہیں لیکن وہ Ordinances پیش کیے جاتے ہیں جو مہینوں پہلے Issue ہو چکے ہیں کیا Parliament سے اتنا ہی خطرہ ہے آپ کو کہ آپ legislation کو پارلیمنٹ کے سامنے نہیں لانا چاہتے۔

"Don't keep the resignations of your Ministers pending any longer. You've already kept them pending for six weeks, which should have been more than enough time to have figured out whether a Minister was worth his or her flag car or not. Do give serious thought to reaching some sort of working accommodation with the Punjab Government. Don't think that you are the

repository of all wisdom and that everyone else is an idiot. Do try to distinguish between those around you who are only sycophants or self - servers. Don't start believing your own propaganda, as you have shown an increasing tendency to do of late.

یہ نصیحتیں پہلی دفعہ آپ کو نہیں کی جا رہیں یہ نصیحتیں کئی دفعہ لوگ آپ کو کر چکے ہیں پریس کر چکا ہے سینٹ کر چکا ہے نیشنل اسمبلی میں بات ہو چکی ہے۔ لیکن کیا مجال جو حکومت ان چیزوں کا نوٹس لے۔

معاشی اقدام کے سلسلے میں شروع دن سے جس دن سے آپ کی حکومت بنی ہے بار بار آپ کو یہ کہا جا رہا ہے کہ ایسے اقدام اٹھائیں جس سے غریب آدمی پر بوجھ نہ پڑے لیکن ان بارہ مہینوں میں قیمتوں کا جو حال ہوا ہے وہ آپ کے سامنے ہے میں آپ سے یہاں کس کس قیمت کا ذکر کروں چونکہ ہم سینٹ میں بیٹھے ہیں اور عام طور پر ہوائی جہاز سے سفر کرتے ہیں میں آپ کو پی آئی اے کے کرایوں کے متعلق اعداد و شمار پیش کرتا ہوں جو ایک سال میں ہوئے ہیں پچھلے سال جنوری ۸۹ء میں کراچی کا سنگل کرایہ ۱۲۸۵/- روپے تھا اور واپسی ٹکٹ ۲۵۷۰/- روپے کا تھا اگست ۸۹ء میں یہ سنگل کرایہ بڑھ کر ۱۵۶۰/- روپے ہو گیا اور واپسی ٹکٹ ۳۱۲۰/- روپے ہو گیا۔ جنوری ۹۰ء جس کا ذکر ہم اس وقت کر رہے ہیں یہ کرایہ بڑھ کر ۱۷۱۵/- روپے اور واپسی ٹکٹ ۳۴۳۰/- روپے ہو گیا ہے۔ ایک سال میں ۲۴ فیصد کرایہ بڑھ گیا ہے مجھے علم ہے کہ عام آدمی پی آئی اے سے سفر نہیں کرتا یہ privilege صرف ان لوگوں کا ہے جو afford کر سکتے ہیں جن میں سینٹ اور نیشنل اسمبلی کے ممبرز شامل ہیں۔ اس کرایے کو بڑھا دینے کا نتیجہ یہ ہے کہ جو Industrialist روز اس جہاز سے سفر کر رہا ہے جو afford کر سکتا ہے وہ یہ کرایہ اپنی جیب سے نہیں دے گا۔ اس نے قیمتیں بڑھانی ہی ہیں اور ان قیمتوں کو بڑھا کر ہی وہ کرایہ وصول کرے گا اگر آپ یہ موٹی بات نہیں سمجھتے باقی economic matter پر آپ سے detailed discussion کیا کی جائے۔ پی آئی اے کی کارکردگی الگ موضوع ہے لیکن پاکستان کی ایک Air line جو دنیا میں مانی جاتی تھی

آج اس کا حال اس قدر خستہ ہے کہ انسان بحالت مجبوری ہی سفر کرتا ہے ورنہ دل نہیں چاہتا کہ اس میں بیٹھے پھر بھی وہ کہتے ہیں کہ

We wish you would travel with us again.

گویا کہ ہمیں یہ Choice. حاصل ہے کہ کسی اور لائن میں بیٹھ سکتے ہیں۔ افراط زر کا جو حال ہے وہ سب کے سامنے ہے چاہے آٹے کی قیمت آپ لے لیں ٹرانسپورٹ کی قیمت آپ لے لیں۔ بجلی کی قیمت لے لیں گیس کی قیمت لے لیں ان سب چیزوں میں مہنگائی کی جو روش چلی ہے وہ آپ سب کے سامنے ہے اس کا میں کیا ذکر کروں۔

اب آیئے فارن پالیسی کے اوپر۔ بارہ مہینوں میں کوئی نیا قدم نہیں اٹھایا گیا سوائے اس کے کہ ہندوستان کے سامنے ہم سر جھکا کر بیٹھ جائیں کسی طرف کسی سمت میں ہم نے کوشش نہیں کی کہ پاکستان کی پوزیشن کو مستحکم کیا جائے، سوائے اس کے کہ ہم نے ہندوستان کو ہر طرح خوش کرنے کی کوشش کی ہے۔ سب سے پہلے سارک کا منظر جو کچھ اس ملک میں ہوا۔ وہ آپ سب کے سامنے ہوا آپ کو یاد ہے میرا خیال ہے کہ کوئی قوم اس قسم کی حرکتیں نہ کرتی جو کہ اس وقت ہم نے ہندوستان کے پرائم منسٹر کے سامنے کیں۔ اب کیا ہو رہا ہے ہم نے خصوصی نمائندے ہندوستان کی طرف دوڑائے ہوئے ہیں پہلے ایک پھر دوسرا ہندوستان میں نئی حکومت بنی ہے آپ ان سے کیا چاہتے ہیں۔ آپ کشمیر کا مسئلہ حل کرنا چاہتے ہیں سیاچین کا مسئلہ حل کرنا چاہتے ہیں۔ وولر بیراج کا مسئلہ حل کرنا چاہتے ہیں ایک چیز کا جواب تو آج آپ کو مل ہی گیا ہے کشمیر کے مسئلے کے سلسلے میں وی پی سنگھ نے اپنے خیالات کا اظہار آپ کے سامنے کر دیا ہے جس کی خبر آج صبح اخباروں میں آ گئی ہے آپ کے ایلچی وہاں بیٹھے رہے اور ان سے درخواستیں کرتے رہے لیکن اگر آپ کا خیال یہ ہے کہ آپ کو وی پی سنگھ یا کسی اور پرائم منسٹر نے کشمیر ہتھیلی پر رکھ کر دے دینا ہے تو میرے خیال میں اس سے زیادہ غلط فہمی کسی ملک کو نہیں ہونی چاہیئے، اس وقت کشمیر میں حریت پسند جو ایکشن لے رہے ہیں جب تک ان کو تقویت نہیں پہنچائی جائیگی

کوئی دوسرا طریقہ اور نہیں ہے کہ کشمیر آپ کو واپس ملے جہاں تک سیاچین کا سوال ہے اس کا مسئلہ بھی کھٹائی میں پڑا ہوا ہے آپ بار بار کہہ رہے ہیں کہ وولر بیراج کی بات چیت ہو رہی ہے۔ میرا خیال ہے یہ جو ایلچی آپ بھیج رہے ہیں بہت جلد ان کا جواب لاکر آپ کو پیش کر دیں گے میری چھوٹی سی رائے میں جس طرح آپ ہندوستان سے دوستی کا ہاتھ بڑھانے کی کوشش کر رہے ہیں اس طرح آپ کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا ہندوستان یہ سمجھتا ہے کہ آپ نے گھٹنے ٹیک دیئے ہیں اگر یہی رویہ آپ نے رکھا تو اس کا نتیجہ بھی آپ جلد ہی بھگت لیں گے اس لئے بہتر میں یہ سمجھتا ہوں کہ آپ اپنی معاشی طاقت پولیٹیکل طاقت اور فوجی طاقت کو بڑھایئے تو پھر اس کا جواب آپ کو خود بخود مل جائے گا۔

جہاں تک افغانستان کا مسئلہ ہے اس میں جس طرح پیش رفت ہو رہی ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہم کوئی حل نہیں چاہتے ورنہ حل تو موجود تھا اس حل کو آپ نے درکنار کیا اور اب حیل و حجت ہو رہی ہے کہ کس طرح broad based government بنائی جائے۔ مجاہدین کی دس سال کی انتھک کوششوں کے بعد روس نے اپنی فوجیں افغانستان سے واپس بلا لیں۔ جہاں ایک سپر پاور ایک ایسی پوزیشن میں پہنچ گئی ہو کہ وہ اپنی فوجیں واپس بلا لے تو میں آپ سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا یہ ضروری نہیں تھا کہ اس مسئلے کا جلد از جلد حل تلاش کیا جائے کیا وجوہات ہوئیں جو وہ مسئلہ حل نہیں ہو سکا۔ کیا وجہ ہوئی کہ روز بروز ان کی demands بڑھتی چلی گئیں۔ ظاہر ہے آپ کی اپنی پالیسی ناکام ہوئی اسی لئے ان کی demands بڑھتی چلی گئیں۔

امریکہ اور دوسرے ممالک سے تعلقات۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمارے تعلقات امریکہ سے اچھے ہیں لیکن ان اچھے تعلقات کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ اپنے قومی مفاد کو ہر چیز پر قربان کر دیں۔ امریکہ کا پانامہ میں ایکشن بالکل غلط تھا آپ کو صریحاً اس کے اوپر تنقید کرنی چاہیئے تھی لیکن حکومت نے بالکل چپ سادھ رکھی اور یو این کی جنرل اسمبلی میں ایک ووٹ favour میں Cast کر دیا بغیر کسی چیز کے نوٹس میں لائے ہوئے شاید قوم کو اس بات کا پتہ بھی نہیں ہے کہ ووٹ Cast ہوا ہے اس

کے favour میں کہ غلط ایکشن ہوا ہے اسی امریکہ کی کسی چھوٹے ملک میں مداخلت کسی طریقے سے برداشت کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور نہ ہی ہونی چاہیئے۔ اس واسطے کہ وہ زمانہ اب چلا گیا جب آپ دوسروں کے اندرونی معاملات میں دخل دے سکتے تھے۔ اگر ہم نہیں چاہتے کہ ہمارے معاملات میں کوئی دخل دے تو پھر آپ کس طرح برداشت کر سکتے ہیں کہ کوئی اور ملک کسی دوسرے کے معاملہ میں دخل دے چاہے وہاں کسی قسم کی بھی حکومت ہو۔

اب آیئے آپ law and order پر law and order کا جو حال ہے اس سے سب اچھی طرح واقف ہیں ۱۲ تاریخ کو جس وقت حیدرآباد میں گولیاں چل رہی تھیں اور لوگوں کی جانیں ضائع ہو رہی تھیں تو اس وقت کراچی میں conference ہو رہی تھی کہ اس کو کس طرح روکا جائے۔ ۱۷ دسمبر کو سکھر میں ایک پرنسپل کو گولی کا نشانہ بنایا گیا، روزانہ اخباروں میں دو، چار، چھ، آٹھ دس افراد کے مارے جانے کی آتی ہیں۔ کراچی اور حیدرآباد میں زیادہ وقت کرفیو لگا رہتا ہے، کم وقت کے لئے اٹھتا ہے، آج کی خبر ہے کہ دونوں شہروں میں کرفیو اٹھ گیا ہے، خدا کرے کہ یہ کرفیو جو اٹھا ہے پکے طور پر اٹھا رہے کیونکہ آج کی ایک اور خبر یہ بھی ہے کہ حکومت نے کراچی میں clean up operation شروع کر دیا ہے "مبارک ہو" آخر کار کوئی ایکشن under pressure تو لیا ہے اب خدا کرے کہ یہ ایکشن ایسا ہو کہ اس کو suspend نہ کرنا پڑے ان دونوں شہروں، کراچی اور حیدرآباد میں اگر امن قائم ہو جائے تو سارے پاکستان کے لئے باعث اطمینان ہوگا۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں جنرل صاحب، کافی وقت ہو گیا ہے۔ اب Wind up کیا جائے۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر: بس، دو چار منٹ اور لوں گا، جہاں تک administration کا سوال ہے وہاں پر کافی عرصے سے Inefficiency ہو چکی ہے bureaucracy کو شروع سے ہی undermine کیا گیا establish ہے کئی سو افسروں کو ایسی وڈی بنا دیا گیا ہے۔ اپنے چہیتے افسروں کو

اہم پوزیشنوں پر لاکر بٹھا دیا گیا ہے تاکہ پارٹی کا پرچار کیا جائے۔ جناب والا! اس طرح حکومتیں نہیں چلا کرتیں۔ میری درخواست ہوگی کہ آپ bureaucracy کو non - political رہنے دیں، ان کو اپنے کام سے کام رکھنے دیں اور پارٹی اپنے کام دوسرے طریقوں سے کروائے۔ یعنی لوگوں کو یقین دلا کر، ان کی conviction کو بڑھا کر، اس سے اپنے آپ کو تقویت پہنچائے نہ کہ bureaucracy کے ذریعہ سے کروائے۔ اس سلسلے میں عرض کرتا ہوں کہ آسامیاں حکومت میں یا کارپوریشنوں میں خالی ہوئی ہیں ان کو پُر کرنے کے لئے عام لوگوں سے آدمی نہیں لئے گئے ہیں بلکہ پارٹی کے لوگوں کو بھرتی کیا گیا ہے۔ ۳۸ فیصد لوگ جنہوں نے پی پی کے حق میں ووٹ دئے تھے، ان کی دل جوئی تو ہو گئی لیکن وہ جو ۶۲ فیصد لوگ رہ گئے ہیں، وہ کہاں جائیں، وہ کس دروازے کو کھٹکھٹائیں، آپ بے شک مسلم لیگیوں کو ملازمت نہ دیں لیکن سوچنا یہ ہے کہ ۶۲ فیصد لوگ جنہوں نے پی پی کو ووٹ نہیں دئے وہ سارے کے سارے تو مسلم لیگی نہیں ہیں، دوسرے لوگ بھی ہیں جنہیں نوکریاں چاہئیں، وہ اپنے لئے ملازمتیں کس طرح اور کس کونے میں جا کر ڈھونڈیں یا کس کے پاس جائیں۔ بہتر یہ ہوگا کہ آپ merit کا سلسلہ دوبارہ شروع کر دیں اور میرٹ کے اوپر Federal Service Commission اور Provincial Service Commission کو کام کرنے دیں اور ان کے اپنے جو طریقے ہیں، وہ ان کو اپنائیں گے اور اس طرح سب کو موقع ملے گا اس طرح سب ملک و قوم کی خدمت کریں گے۔

آخر میں، میں آپ سب سے التجا کروں گا اور بالخصوص جو حکومت میں ہیں ان سے کہ اگر آپ چاہتے ہیں کہ جمہوریت پروان چڑھے تو پھر جمہوریت کے پھلنے پھولنے کا طریقہ تو یہ ہے کہ سب کو ساتھ لے کر چلیں۔ اگر سمجھتے ہیں کہ ایک Party rule قائم و دائم رہ سکتا ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس سے بڑی غلط فہمی آپ کو کوئی اور نہیں ہو سکتی۔ سب کی سنیں دوسروں کو موقع دیں، criticism کو برداشت کریں، اپوزیشن کو ساتھ لے

confrontation کر چلیں ۔ قوم کے مفاد میں یہی ہے کہ صوبائی حکومتوں سے
ختم کریں اور democracy کو تقویت پہنچائیں۔ جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ کہ
آپ نے مجھے وقت دیا۔

Mr. Chairman: Mr. Verdag,, now it is your turn but if you permit me, as Sahabzada Sahib has to go I will give him 10 minutes and then you can take over.

Sahbzada Yaqub Khan, please.

Sahabzada Yaqub Khan: Mr. Chairman, Sir, and the honourable Members of the Senate, it is a privilege for me to say a few words on the foreign policy aspects of the points that have come up during the current debate. I must start by complimenting my colleagues for their important comments on the international and regional situation. I am particularly grateful for their constructive, helpful, and useful remarks about our foreign policy. Their views whether they agree with us or not, will receive our closest attention and also attention above all of my colleagues who specialized in various aspects that were covered or that were touched upon, we always derived great benefit from the advice and counsels of the Senate. The last speaker has raised a number of points of which are covered in what I am going to say but I think that the remarks that in the last 10 months nothing constructive has been done was not altogether, in my view, a constructive remark although this is not a debate on foreign policy as such, nor does the time allow me to enumerate the foreign policy initiative taken, the performance in the international for, the bilateral relations that have been in the course of this one year enhanced. I will nevertheless, confine myself to saying that it is not sufficient to say that we have bent our heads to India, that we had done so in SAARC without specific instances for what the honourable Senator calls for bending our heads and what kind of actions that could be specified as bending our head towards India or surrendering our sovereignty or acting in a manner that is not compatible with our dignity or in any other way in a manner that is inconsistent with the independence and sovereignty of Pakistan. He has referred to the sending of our fresh envoys, I will refer to that during the remarks that I have to make in the appropriate place. Then, he referred to Kashmir. I shall dwell on that. I shall dwell of course on that subject and I have taken note of the deep sentiments that were expressed. I know that these sentiments reflect the public feelings specially in view of the recent disturbances and upheavals and uprisings in Kashmir.

I shall touch also upon the Wuller Barrage. The honourable Senator, the last speaker mentioned about support to the insurrection in Kashmir. I am not quite sure what he meant by support. If it means expression of sympathy then it is one thing but if he goes beyond that, we are surely treading on a very delicate and a very difficult ground and I know that as a very experienced Senator he would not make any remark that could possibly appear to have been ill-considered or not to have received very deliberate consideration to study, to see the implications of the steps that we might take and above all to measure whether such steps would being us closer to the aim that she has in view or that we have in view. Would it take us away from that aim or would it help in its achievement?

I would also touch on Afghanistan issue. He said that we had a solution but he did not say what the solution was? But I will talk on the solution that we are trying in dealing with the Afghan question to pursue.

On our relations with the United States, he lauded the fact that they were good. He seems to think that we were giving in various issues. Then I think he quoted Panama. It is not true to say that we did not make a statement. We did make a statement and we did cast a vote in favour of the resolution in the General Assembly. As regards American interference. I would, of course, have preferred so, If specific instance s of interferences were given or acts of interferences were given in order for me to put forward and attempt a reply.

Allow me Sir, to begin by taking the point some honourable Members made regarding the winds of change that are sweeping across all continents in recent years. Oppressed people everywhere are demanding their fundamental rights including their right to choose their system of governance. Examples of the new wave of democracy and liberalization in Latin America, in Africa and I in Asia and most recently and in a most pungent way, of course, in East Europe. The order bequeathed by the 2nd World War is fading away and a new reality is emerging although its contours are still not distinct and they are still hazy. East Europe is witnessing a powerful explosion of repressed sentiments and feelings. The demand for individual freedoms, a democratically elected

multi-party polity and better living standards, possibly through a market-oriented economy are pervasive and pressing. The eruption of popular forces in almost elemental in its fury and in its force. The old order has been swept away. Leaders have resigned, Politureaus have been purged. The demands of the people have escalated from democratic reform to the removal of the monopoly of the Communist parties from the instruments of political power and from power over the means of production. The consequences of this cascade of events are bound to be monumental and they are bound to be far reaching but I must resist the temptation, Sir, to embark upon a lengthy speculative survey of this vast scene which is still in the process of change, of flux and of rapid evolution. This must be reserved for another occasion. Here I must confine myself to dwelling very briefly on a few aspects which were touched upon during the debate.

We are all agreed that the recent developments in Europe and the Soviet Union herald the disintegration of the post-war bi-polar character of international relations. They presage also the emergence of several separate autonomous regional theaters. They presage the reduced risk of super power confrontation but at the same time greater opportunities for regional hegemony and most importantly they foreshadow economic neglect, perhaps it would be right to say the increased economic neglect of the third world countries. Accordingly the welcome developments in the European theater could in fact spell grave problems for the smaller countries of this world for many years to come, specially in the economic field owing to the massive transfer of capital and technology for integrating the economies of East and West Europe and possibly for Perestroika in the Soviet Union. These possibilities make it imperative for third world countries to develop structures of political and economic cooperation among themselves, based on sovereign equality and shared interests. For Pakistan, expansion of our time tested ties with China, Iran, Turkey and the Islamic and Arab world, particularly with neighbouring Gulf countries would assume added and fresh importance. It will additionally mean developing closer ties and bilateral relations with the Soviet Union, which is also, let us remember, a regional power.

The strengthening of economic and political cooperation among South Asian countries - as members of SAARC, and also with Japan, ASEAN and the Pacific rim which is thriving with economic dynamism would be other areas that would claim our special attention. We

shall continue consultation with the Foreign Relations Committee, Sir, of the Senate and of the National Assembly. We are studying these events that I have just described summarily, very closely and very carefully. We intend shortly to hold an Envoys' Conference to enable us to share insights and pool our ideas so that appraisal of policies conforms to changing realities and to enable us to pick our way relatively safely through the minefields that undoubtedly lie ahead. Your advice, your support and guidance would be valuable. In fact, valuable in this endeavour to meet the new challenges in the economic and political fields and the new threats to our security that they may pose.

Some of the speakers correctly observed that in this rapidly evolving situation which is drawing the two super powers closer together, a peaceful and comprehensive settlement in Afghanistan assumes great or greater urgency. The objective of our Afghanistan policy is to promote the restoration of peace and stability through a comprehensive settlement so that the refugees can return to their homes in safety.

Mr. Hasan A. Shaikh: Point of Order. Sir, the Minister of State for Parliamentary Affairs is crossing the floor.

Yes please. صحیح ہے بہرحال point of order جناب چیئرمین: ڈاکٹر صاحب

Shahabzada Yaqub Khan : This can only be possible under a government in Afghanistan that is acceptable to the Afghan People. Although the Soviets completed the withdrawal of their troops from Afghanistan, the consequence of their long prolonged and protracted occupation namely, the illegal and discredited regime in Kabul remains as an unhappy legacy, a legacy spurned by the majority of the people of Afghanistan. It has been able to cling to power with the help of massive quantities of arms, sophisticated weapons and air support that it continues to receive.

Pakistan, of course, supports the Interim Government of Afghanistan. We have not given it official recognition mainly because such a step could erode the credibility of the Afghan Interim Government as an independent entity in the eyes of the international community. This is yet another reason why we have been trying to encourage it to broaden its credibility by broadening its base so that it can meet some of the internationally recognized criteria for recognition.

[Sahabzada Yaqub Khan]

The recent release of two Soviet prisoners by the AIG has been highly appreciated and welcomed by the Soviet Union. The Soviets have now proposed another round of direct talks with the Mujahideen on this issue. We believe that this is a positive move, it is one that we support and we hope that the resumed dialogue would soon get underway. The UN General Assembly's resolution, last year on Afghanistan, envisages a role by the UN Secretary-General for promoting an intra-Afghan dialogue aimed at the establishment of a broad-based government. The UN Secretary General has suggested that all Afghan groups opposing the Kabul regime may meet to select a small delegation with a clear and specific mandate for talks with him (Secretary General). This is a matter of course that will have to be decided by the Afghans themselve and above all the AIG leadership. The AIG itself recognizes the need for convening a fresh Shura which would, in turn, elect a new interim government. There is now virtual agreement on this course of action among the AIG leaders, who had jointly concurred a the time of formation of the interim government to give it a life of only one year. Although the AIG has yet to take a unified position on procedures, It has drafted a charter which would provide the basis for the convening of a new Shura. Our policy on Afghanistan Sir, continues to be based upon support for the restoration of the right of the Afghan people to determine their own future. We will not be deflected from this course by any pressures nor must the sacrifices of the Afghan people across a whole decade be allowed to go waste in the last phase of a heroic struggle that has brought them within an ace of the fulfilment of their cherished aims.

Mr. Chairman, I will now touch briefly on the recent development in India and their possible impact on Indo-Pakistan relations, since this was one of the subjects that was frequently mentioned during the debate. The formation of the National Front Government under the leadership of Prime Minister V.P. Singh will, hopefully, result in a positive change in India's policy towards its neighboring countries. We entertain this hope which may or may not be realized but we give benefit of the doubt to the fact that the election manifestos of the National Front and its main electoral ally the BJP (Bharatiya Janata Party) call for improvement of India's relations with its neighbours. Both political parties specifically call for the withdrawal of Indian Forces from Sri Lanka and for overcoming the current difficulties in Indo-Nepalese relations. These declarations, we think augur well for the future but, of course, as I Simply sincerity is subject to proof.

Regarding our difference es with India, I world initially like to dwell on the present situation in Occupied Jammu and Kashmir. Occupied Kashmir has been in the throes of convulsion for more than one year. The disturbances that lacerate it are a daily reminder of the agony it suffers. Strikes, riots, bomb blasts and curfews are everday occurrences and have

taken a heavy toll of precious lives. The Muslims of Kashmir have a long and tragic history of sufferings. Sometimes their problems are attributed to administrative mismanagement and at other times they are attributed to outside interference. But the truth of the matter is that it is in the denial of the right of self determination of the people of Jammu and Kashmir that the root cause of this strife and these recurrent eruptions resides.

Pakistan remains steadfast to the position that the solution of the Kashmir dispute lies in a fair and free plebiscite, on the basis of the UN resolutions which are binding on both Pakistan and India. The Government of Pakistan has consistently asserted, it shall continue to assert its position on Jammu and Kashmir in international forums. The issue will also continue to be on the agenda of bilateral discussions with India. We have reiterated that the Jammu and Kashmir dispute should be resolved in accordance with UN resolutions and in the spirit of Simla Agreement. Let me assure the House that our stand has not been weakened, it has not been diluted, and that Pakistan will continue to pursue the solution of this problem by peaceful means.

On Siachen, as honourable Senators are aware, the Defence Secr taries.have held five rounds of discussions and that at the fifth round of talks from the 15th to the 17th of June last year the two sides agreed, I quote:

> "to work towards a comprehensive settlement based on redeployment of forces to reduce the chance of conflict, avoidance of the use offence and the determination of the future positions on the ground so as to conform with the Simla Agreement and to ensure durable peace in the Siachen area."

Pakistan is disappointed that owing to interjection by the Indian side of ideas extraneous to the agreement between the Defence Secretaries the implementation of the agreement has not made such headway. However, the Defence Secretaries are scheduled to hold mother round to review the progress attained since last meeting in June. It remains to be seen what position the new government in India will take on this issues.

[Sahabzada Yaqub Khan]

On the Wullar Barrage, the bilateral negotiations have so far failed in as far as any meaningful progress in concerned. They are failed to record progress. During the six rounds of talks so far held at the level of Secretaries of Water and Power, Pakistan has reiterated that it would not agree to any deviation from the relevant provisions of the Indus Water Treaty and that a solution has to be found with the terms of that Treat Should the ongoing talks fail, Pakistan retains, reserves the right, the option of referring the case to arbitration.

Sir, the vast expansion of India's armed forces, especially naval forces, including the introduction of nuclear submarines in the Indian Ocean, are a source understandably of deep concern and anxiety for us as it reflects clearly hegemonistic ambitions. Pakistan has conveyed these concerns to New Delhi and has also suggested the adoption of confidence building measures. We have offered concrete suggestions for a mutual agreement for determining a judicious and fair ratio of forces, and an agreed level of armaments as well as a reciprocal reduction in military budgets. We are also prepared to enter into negotiations on prior notification of troop movements and connected confidence building measures. The openness with which exercise - 'Zarb-e-Momin' was conducted was an unmatched example in this field.

Inspite of these bilateral differences of Government of Pakistan desires to continue to normalize relations with India without of course compromising on principles. During the last one year a number of steps have been taken in this direction with which honourable Members are familiar and they need not be recounted or repeated here once again and as an earnest of our desire to promote cooperative relations with the new government in India, we have decided to send Mr. Abdul Satar as a special envoy of the Prime Minister to New Delhi. He will be carrying a message of goodwill from Prime Minister, Benazir Bhutto for Mr. V.P. Sing, the Prime Minister of India.

Mr. Chairman, allow me to conclude by noting that I have touched upon the important issues raised by the distinguished Members of the Senate. However, as I have stated earlier the Ministry of Foreign Affairs will examine closely the statement the honourable Senators have made. We greatly appreciate and benefit from the insights which are brought to bear upon foreign policy of Pakistan in this august forum We shall continue to

seek your counsel and guidance so that we can move forward together with mutual trust and with growing strength and confidence to defend and promote the national interest of Pakistan in the troubled and trying times that undoubtedly lie ahead.

جناب اعجاز علی خان جتوئی: پوائنٹ آف آرڈر، جناب کل صاحبزادہ صاحب یہاں نہیں تھے۔ جب میں نے اپنی تقریر میں ایک امریکی سفیر کے اوپر serious accusations لگائی تھیں اور اخبارات میں ایک letter بھی شائع ہوا تھا جس میں سندھ کی تقسیم کے بارے میں حیدرآباد میں ایک Director اور American Ambassador کی ملاقاتوں کا ذکر تھا۔ اس سلسلے میں صاحبزادہ صاحب نے آج اس پر کوئی روشنی نہیں ڈالی میں نے protest کیا تھا کل کہ

American Ambassador should be called in the Foreign Office.

جناب چیئرمین: یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں بنتا ہے۔ جی وہ

بہت سارے حضرات بہت ساری باتیں کہتے ہیں یہ ضروری نہیں کہ وہ ہر ایک کا جواب دیں اور بھی وزیر بیٹھے ہیں بعد میں جواب دے دیں گے۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: یہ کافی important ہے۔

Mr. Chairman: Sorry Jatoi Sahib, this is ruled out of order. this is no point of order. Yes, Mr. Asaf Vardag,

جناب آصف فصیح الدین وردگ: جناب چیئرمین، میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے یہ موقع فراہم کیا کہ میں مشترکہ اجلاس میں صاحب صدر کی جو تقریر ہوئی اس کے متعلق اور اس کی appreciation میں اپنے خیالات کا اظہار کروں جناب چیئرمین صاحب، اس ملک کے صدر پوری پارلیمنٹ سے اور صوبائی اسمبلیوں کے ووٹوں سے منتخب ہوتے ہیں وہ کسی بھی صورت میں چوہدری فضل الٰہی (سابق صدر) کی حیثیت سے کام نہیں

کر سکتے اور اگر موجودہ آئینی پوزیشن کو مدنظر رکھا جائے تو موجودہ صدر کی پوزیشن اور بھی واضح ہو جاتی ہے خاص طور پر جب آرٹیکل ۵۸ (۲) (ب) کو بھی ذہن میں رکھا جائے۔ جناب چیئرمین صاحب! میں آرٹیکل ۵۸(۲) (ب) جو کہ مجھے امید ہے تمام سینیٹر حضرات کو یاد ہوگا اس کو یہاں quote کرتا ہوں تاکہ ایک بات واضح ہو جائے یہ آرٹیکل کہتا ہے۔

58(2)(b)"The President may also dissolve the National Assembly in his discretion where in his opinion a situation has arisen in which the Government of the Federation can not be carried on in accordance with the provisions of the Constitution and an appeal to the electorate is necessary."

جناب چیئرمین صاحب! جب کوئی power کسی فرد کو سونپی جاتی ہے تو اس power کا استعمال کرنا بھی jurisprudence کے عام اصول کے تحت لازمی ہو جاتا ہے درآنحالیکہ ویسے حالات پیدا ہو جائیں جن حالات میں اس power کے استعمال کا اختیار آئین دیتا ہے۔ کسی بھی فرد کو یا کسی بھی authority کو۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ جو موجودہ حالات ہیں۔ جن کے متعلق صاحب صدر نے دونوں ایوانوں کو مطلع کیا اور ایک طرح سے تنبیہہ کی کہ حالات اس نہج پر جا رہے ہیں اور آپ کیا کر رہے ہیں۔ جناب والا! اگر دیکھا جائے تو تمام نکتہ ہائے معاملات صاحب صدر نے ایوانوں کے سامنے رکھے اور جن کی مزید تفصیلات اور کچھ مزید معلومات جن کا صاحب صدر نے ذکر نہیں کیا تھا اس معزز ایوان میں اور قومی اسمبلی میں بھی ممبران نے قوم کے سامنے پیش کیں۔ صاحب صدر کی تقریر سے اور جو یہاں تقاریر ہوئی ہیں ان سے بات بہت واضح ہو جاتی ہے کہ وہ حالات بالکل ایک ایسے مرحلے پر اب پہنچ چکے ہیں کہ صاحب صدر کو نہ صرف یہ سوچنا چاہیئے کہ اپنا وہ اختیار جو آئین نے انہیں دیا ہے، استعمال کریں اور میں سمجھتا ہوں کہ ان پر یہ لازم ہو جاتا ہے جب کہ وہ خود یہ محسوس کرتے ہیں کہ حالات اس قدر خراب ہو چکے ہیں اور اس ملک میں آئینی حکمرانی اس وقت مشکل ہے اور جب آپ دیکھتے ہیں کہ ان سینیٹر حضرات اور ایم این اے حضرات نے بہت سی باتوں کا

اس میں مزید اضافہ کیا تو میں سمجھتا ہوں کہ اس اختیار کا استعمال لازم ہو جاتا ہے۔ میرے نزدیک دو، تین اور باتیں بھی ہیں۔ میں ان کی تفاصیل میں نہیں جاؤں گا جو صاحب صدر نے بیان فرمائیں یا جو ہمارے سینٹر حضرات نے اس ایوان میں بیان کی ہیں۔ میں صرف دو، تین بنیادی باتوں کا ذکر کروں گا اگر آج پاکستان پیپلز پارٹی حکومت کر رہی ہے تو وہ اس لئے نہیں کر رہی کہ اس کو قومی اسمبلی کی majority حاصل ہے اگر ہوتی بھی تو صرف نیشنل اسمبلی کی ہوتی اگر کہیں محترمہ بے نظیر بھٹو اس electorate کے سامنے جائے جن سے صاحب صدر منتخب ہوتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ کسی ادنیٰ سے عہدے کے لئے بھی لازماً reject ہوں گی اگر پارلیمنٹ کے سامنے اور صوبائی اسمبلیوں کے joint session کے سامنے یا علیحدہ علیحدہ election offices کے سامنے ان کا نام پیش کیا جائے لیکن اس سے ہٹ کر اگر قومی اسمبلی کی آج صورت دیکھی جائے تو وہاں پاکستان پیپلز پارٹی ایک minority ہے اور اس کے جو مخالفین ہیں وہ ایک majority میں ہیں ان کی اکثریت ہے اس اکثریت کے باوجود صاحب صدر نے جیسے اشارہ کیا بلکہ واضح الفاظ میں کہا کہ horse trading سے ایک مصنوعی حالت پیدا کی گئی ہے، جس سے پاکستان پیپلز پارٹی برسر اقتدار بیٹھی ہے۔ ایک horse trading اور دوسرا ۲۲ ممبران قومی اسمبلی کو No confidence motion پر ووٹنگ کے وقت ایوان سے باہر لے جانے سے ایک مصنوعی صورت پیدا کر کے پاکستان پیپلز پارٹی حکمرانی کر رہی ہے اگر ایسی مصنوعی صورت موجود ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ آئین کی violation کی گئی ہے horse trading کے ذریعے یا زبردستی violation ایوان سے ۲۲ ممبران کو باہر نکال کر تو میں سمجھتا ہوں کہ جب ایسی ہو تو پاکستان کے صدر پر یہ لازم ہو جاتا ہے کہ وہ ملک میں تازہ انتخابات کرانے کا حکم جاری فرمائیں اور اپنے اختیارات کا استعمال کریں۔

اس کے علاوہ ایک اور بہت اہم عمومی بات ہے اور وہ یہ کہ جب بھی کسی قوم میں ایک split mandate سے کوئی حکومت سامنے آئے تو دو ہی صورتیں ہو سکتی ہیں، مفاہمت یا confrontation اگر مفاہمت نہ ہو سکے کوئی

طریق کار ایسا واضح نہ ہو سکے جس سے حکومتی امور اس طریقے پہ نہ چلائے جا سکیں جس سے ملک اور قوم کی بھلائی اور فلاح کو آگے بڑھایا جا سکے تو پھر دوسرا راستہ باقی رہ جاتا ہے اور وہ confrontation کا ہے اور جب confrontation اس حد تک بڑھ جائے کہ وفاقی ادارے اور صوبائی ادارے ایک دوسرے کے ساتھ برسرپیکار ہوں جب وفاقی ادارے، اور صوبائی ادارے اخبارات میں ایک دوسرے کے خلاف اشتہارات دیں اور جب معاملات اس حد تک آگے بڑھ جائیں کہ آئینی حکمرانی ناممکن ہو جائے ۔۔۔۔

تو split mandate کی صورت میں اور confrontation کی صورت میں ایک ہی راستہ رہ جاتا ہے کہ عوام سے دوبارہ رائے لی جائے۔ کنفرنٹیشن اس حد تک بڑھ گئی ہے، کہ سب سے بڑا صوبہ پنجاب (آبادی کے حساب سے) اور سب سے بڑا صوبہ بلوچستان (رقبہ کے لحاظ سے) جب دونوں کو مجموعی حیثیت میں دیکھا جائے تو پاکستان کا سب سے بڑا رقبہ اور پاکستان کی آبادی کی اکثریت مرکزی حکومت کے ساتھ برسرپیکار ہے اور مرکزی حکومت معاملات کو چلانے میں آئینی دشواریاں محسوس کرتی ہے جس کا اخبارات میں بھی اعتراف کیا گیا ہے۔ ایسی صورت حال میں صرف ایک ہی راستہ باقی رہ جاتا ہے اور وہ یہ کہ عوام سے دوبارہ پوچھا جائے کہ آپ کس کو پسند کرتے ہیں، آپ کس کی حکمرانی کو پسند کرتے ہیں۔ split mandate سے تو بات نہیں چلی آپ اپنا واضح mandate ایک فریق یا دوسرے فریق کے حق میں دیں تاکہ صحیح طور پر حکومت چل سکے۔ ان حالات میں صاحب صدر پر یہ لازم ہو جاتا ہے کہ وہ اپنے اختیارات استعمال کریں۔

ایک اور مسئلے میں بھی میں سمجھتا ہوں کہ صاحب صدر کو اپنے اختیارات استعمال کرنے چاہئیں اور وہ یہ ہے جیسے کہ انہوں نے خود فرمایا، کہ Council of Common Interests کا اجلاس نہیں بلایا جا رہا اس کو Convene نہیں کیا جا رہا اور جیسے کہ انہوں نے خود فرمایا کہ provincial autonomy پر مرکز اور صوبے ایک دوسرے پر چارج لگا رہے ہیں۔ مرکز کہتا ہے کہ صوبے جو ہیں

مرکزی اختیارات میں مداخلت کر رہے ہیں اور صوبے کہتے ہیں کہ مرکز جو ہے اس نے provincial autonomy کو لایعنی کر کے رکھ دیا ہے اور ۱۹۷۳ء کے آئین میں جتنی بھی آئینی شقیں تھیں ان تمام شقوں کو اس نے کالعدم کر کے رکھ دیا ہے اپنے پیپلز ورکس پروگرام سے صوبائی حکومت کی کارکردگی کو متاثر کیا ہے صوبائی دائرہ کار میں تجاوز کیا ہے ان حالات میں Council of Common Interests کا اجلاس بلانا اور autonomy کے معاملات کو طے کرنا از حد ضروری ہو جاتا ہے میں جتوئی صاحب سے اتفاق کرتا ہوں کہ صوبائی خود مختاری کا مسئلہ پاکستان کی بقاء کا مسئلہ ہے اس کا حل پاکستان کی بقاء کے لئے اشد ضروری ہے۔ اور میں یہ بھی سمجھتا ہوں کہ اس کا اگر کوئی حل ہے تو وہ Council of Common Interests میں ہے اور اگر Council of Common Interests کا انعقاد یہ حکومت نہیں کرتی تو پھر اس کو مجبور کرنا ضروری ہو جاتا ہے پاکستان کی بقاء کی خاطر اس حکومت کو مجبور کیا جائے کہ یہ Council of Common Interests کا اجلاس فوری طور پر منعقد کرے، اس میں صاحب صدر پر بھی ایک ذمہ داری عائد ہوتی ہے اور آئین صاحب صدر کو اختیار دیتا ہے کہ آرٹیکل ۱۸۶ کے تحت وہ تمام معاملات جن کو وہ سمجھیں کہ Public importance کے ہیں مفاد عامہ کے معاملات ہیں ان کو وہ سپریم کورٹ کو refer کر سکتا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ صاحب صدر autonomy اور Council of Common Interests کو اور National Finance Commission کے معاملات کو سپریم کورٹ کو از خود refer کر کریں اور ساتھ سپریم کورٹ سے درخواست بھی کریں کہ ان معاملات کو وہ جلد از جلد نمٹائے تاکہ ملک کو موجودہ جو مشکلات درپیش ہیں ان کو رفع کیا جا سکے Council of Common Interests اور National Finance Commission پر فیصلہ آنے سے حکومت کو مجبور کیا جا سکتا ہے کہ وہ فوراً ان اداروں کی meetings بلائے اور ان اداروں میں جتنے مسائل ہیں ان کو سامنے رکھ کر ان کے لئے حل تلاش کیئے جائیں جب تک یہ نہیں ہو گا میں سمجھتا ہوں

کہ یہ صوبائی خود مختاری کے معاملات صوبوں اور مرکز کی confrontation کے معاملات طے نہیں ہو سکتے اور صوبوں اور مرکز میں ایک Working Arrangement کا طریقہ کار وضع نہیں کیا جا سکتا بغیر Council of Common Interests کے اور بغیر National Finance Commission کے اجلاس کے۔

جناب چیئرمین صاحب اب میں تین اور ایسے issues کی طرف اس ایوان کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں جو میں سمجھتا ہوں کہ وہ پاکستان کی بقاء سے متعلق ہیں ان میں سب سے پہلے جو issue ہے وہ Indian hegemony کا ہے ہندوستان کی بالادستی کا ہے جس شرمناک طریقے پر بے نظیر صاحبہ نے ہندوستان کے وزیراعظم کا اسلام آباد میں استقبال کیا اور ان کے ساتھ پبلک میں ایک رویہ دکھایا وہ واضح کر دیتا ہے کہ محترمہ بے نظیر صاحبہ نے ہندوستان کی بالادستی کو قبول کرنے کا تہیہ کر رکھا ہے اور یہ بات اس سے بھی ظاہر ہوتی ہے کیونکہ بہت سے معاملات سامنے آئے انہوں نے جنرل حمید گل کو raw کے ایماء پر آئی ایس آئی سے ہٹایا۔ انہوں نے آئی ایس آئی کو افغان جہاد کے معاملات سے دور کیا را کے ایماء پر، انہوں نے۔۔۔

Mr. Javed Jabbar: Point of order, Mr. Chairman.

Mr. Asif Fasihuddin Vardag: Mr. Chairman, Sir, I do not think he has a point of order.

Mr. Chairman: Mr. Javed Jabbar on a point of order.

Mr. Javed Jabbar: Rule 200, of the rules of Procedure, Mr. Chairman, making an imputation which is a false and a defamatory imputation and against the leader of the House no less.

جناب چیئرمین، جی کونسا RULE ہے کیا کہتا ہے؟

Mr. Javed Jabbar: Rule 200, sub-rule (j) :

> "To utter unreasonable, seditious or defamatory words or make use of offensive or unparliamentary."....

I refer to the word defamatory where the speaker in question accuses the Chief Executive of this country, the Leader of the House is doing something at the behest of the secret service of another country is nothing short of defamation and I, therefore, request that these words be expunged and that the speaker be requested to refrain from making such observations.

Mr. Chairman: Mr. Hasan A. Shaikh on a point of order.

Mr. Hasan A. Shaikh: Sir, If it is said against the Leader of the House who is not present here; who does not even care to come to this House and he, probably, the Minister wants to rehabilitate himself but that does not mean you should stop him from saying the correct things.

جناب آصف فصیح الدین وردگ: جناب چیئرمین صاحب وزیر صاحب نے فرمایا کہ میری statements false ہیں کیا کسی معزز ممبر کو یہ کہنا کہ تمہاری Parliamentary Language ہیں تم جھوٹ بول رہے ہو یہ statements false ہے۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں اس کا بہترین علاج یہی ہے کہ

He should be allowed to make a statement and then one of the Misters can say what the government's point of view on that, is.

(INTERRUPTIONS)

Mr. Javed Jabbar: It would be a very dangerous precedent if you allow charges to be made against the Chief Executive of a country.

Mr. Chairman: Yes see, in parliaments, accusations are made and it is for you to replay to them.

Mr. Javed Jabbar: Sorry. But Mr. Chairman with respect, I am not aware of defamatory charges being made and being allowed to be made it is a violation of the rules of procedure

Mr. Chairman: For example, Mr. Javed Jabbar, there have been accusations made about corruption, is that not a defamation in that strict sense?

Mr. Javed Jabbar: Certainly, no.

Mr. Chairman: So, therefore, in parliaments such things are said.

Mr. Javed Jabbar: Here the corruption charges have never been made specifying the name or the title.

(Interruptions)

Mr. Chairman: You see, I think, I should clarify that when he said the Prime Minister he meant the policies of the Prime Minister. He does not say anything in a personal sense. He is referring to the policies of the government; he is attacking the policies of the government and it is for you (Mr. Javed Jabbar) to defend them when your turn comes.

(INTERRUPTIONS)

Mr. Javed Jabbar: No. Mr. Chairman, I am sorry. Please look at the record of the House.

Mr. Chairman: Your point of order is over - ruled Mr. Javed Jabbar. please sit down.

Mr. Javed Jabbar: You may over - rule it. I am sorry then I walk out.

(Mr. Javed Jabbar then walked out)

Mr. Chairman: Yes please Mr. Asif Vardag, I am sure you are referring to the policies of the government.

Mr. Asif Fasihuddin Vardag: Yes.

Mr. Chairman: Please avoid making any personal accusation.

Qazi Abdul Latif on a point of order.

قاضی عبداللطیف: پوائنٹ آف آرڈر، جناب والا! گزارش ہے یہ کسی کی ذات کی بات نہیں یہ گورنمنٹ کی بات ہے اور گورنمنٹ کے نمائندے یہاں

بیٹھے ہوئے ہیں۔

جناب چیئرمین: میں یہی گزارش کر رہا ہوں آصف وردگ صاحب آپ بھی یہ وضاحت کر دیں۔

Mr. Asif Vardag you please clarify that you are attacking the policies of the government and there is no personal accusations.

Mr. Asif Fasihuddin Vardag: I am only talking of the polices of the Pakistan Peoples Party Government and since she (Mohtarma Benazir Bhutto) heads that government, therefore, one has to talk of the Prime Minister.

جناب چیئرمین: لیکن میرے خیال میں بہتر یہی ہے کہ گورنمنٹ کا ذکر کریں تاکہ ۔۔۔۔

جناب آصف فصیح الدین وردگ: تاکہ انکو کوئی دقت نہ ہو۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے، بات سمجھ میں آگئی ہے۔ جی ڈاکٹر صاحب۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب والا! گزارش یہ ہے کہ ان اشخاص کا نام اس ہاؤس میں لینا جو یہاں آکر اپنے آپ کو defend نہ کر سکیں۔

جناب آصف فصیح الدین وردگ: کیوں نہیں کر سکتے؟

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: آپ ان کو کسی اور طرح سے پکار سکتے ہیں، جیسے آپ سابقہ کہہ سکتے ہیں، فلاں وقت کے سربراہ کہہ لیں، لیکن ایسے directly کہ صدر فضل الٰہی چوہدری، اور ایسے دیگر تین نام لئے گئے ہیں، یہ مناسب نہیں ہے، اس کی جگہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ

former President, Head of ISI, former Chief of ISI that can be said but usually the names are not taken on the floor of the House of those people who cannot defend or argue in the House. This is my humble submission that it should be avoided.

Thank you. جناب چیئرمین: ٹھیک ہے

جناب آصف فصیح الدین وردگ: جناب چیئرمین! پہلے وزیر صاحب

یہ کہہ رہے تھے کہ پرائم منسٹر کا ذکر نہ ہو کیونکہ وہ پرائم منسٹر ہیں دوسرے وزیر فرماتے ہیں کہ چوہدری فضل الٰہی سابق صدر کا ذکر نہ ہو۔ کیونکہ وہ ہاؤس میں نہیں آ سکتے میں عرض کرتا ہوں کہ پرائم منسٹر صاحبہ تو آ سکتی ہیں' ان کو تو کسی نے نہیں روکا ' سوائے اس بات کے کہ ان کو یہ بات ہی پسند نہیں ہوتی کہ کسی ایوان میں ان کی majority نہ ہو' اگر majority کسی وقت نہ ہو تو وہ horse trading سے بھی majority create کرنے کی کوشش کرتی ہیں یا صوبائی اسمبلی کو dissolve کر کے بھی majority create کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔۔

بیگم شہناز وزیر علی: پوائنٹ آف آرڈر '

جناب چیئرمین جی ' پوائنٹ آف آرڈر ' ایک منٹ کے لئے ' بیگم شہناز علی پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑی ہیں۔

Mrs. Shehnaz Wazir Ali: Mr. Chairman, Sir, I am constrained to get up and to bring to your notice on a point of order that an immense responsibility is upon your shoulders to ensure if there are minority members present, their rights are fully protected and that they are allowed to exercise their rights. I have with full attention heard the honourable Senator's comments and remarks about the Government now he claims this to be the policy of the government, but at that time he very clearly said that at the behest of RAW, the Prime Minister removed Hameed Gul who was the Director, ISI. I think this can be ascertained from the record of the House as to exactly what his words were. I feel that there should not be distortions made by the honourable Senator Now he is claiming that the Prime minister refuses to sit here and is engaged in horse trading. This is a totally irrelevant comment to make.

(interruptions)

Mr. Chairman: No cross talk please.

Mrs. Shahnaz Wazir Ali: Kindly allow me to finish. Sir, I respect the dignity of the Senate. I respect the decorum of this House. I do not stand up frequently on points of order but I do think that when an honourable Senator is making a comment, he should represent it here truly and

conscientiously, as he can, the true facts that pertain to either Pakistan, government's policy or the Prime Minister. Now horse trading is not under discussion over here. There is much that could be said on horse trading on both sides if it has to be said.

I would request you and ask you kindly to ensure that points of order, if they are raised, are dealt with in all justice and fairness whether it is a majority member or a minority member. Thank you very much.

Mr. Chairman: Well I can assure you Begum Sahiba that the right of the minority in this House will be fully protected. I am also conscious of the fact.....

(interruptions)

Mr. Chairman: Hasan A. Shaikh Sahib Please.

I am also conscious of the fact that the Constitution guarantees freedom of speech to members of the House. I am also conscious of my responsibilities under the rules and I will not allow things which are irrelevant or, as rightly pointed out, which are seditious but I feel that criticism of the policies of the government is some thing which is normal in a parliament. When any of you takes the floor, I can assure you, that you will be given as much opportunity, perhaps more than what the honourable members are having, to make any criticism of the policies of the Opposition members. So I would like to protect both sides of the House. I will give equal opportunity, in fact, I would like to give more opportunity to the government because they are in minority in this House, and I would like to give them more opportunity to make any statement and I will not allow any interruption, when you are speaking, by any other members. Thank. you.

Mr. Asaf Fasihuddin Vardag: Mr. Chairman, Sir, I would request the worthy lady Minister to read the President's speech because the President's speech mentions horse trading and if I am commenting on that speech and appreciating that speech then I have to talk of the horse trading that is engaged in, according to President, by both sides. I am talking of horse trading engaged in by the government headed by the Prime Minister whom the worthy Minister wants to please.

Sorry, I will now revert to Urdu. It Was only because of the Minister that I resorted to English.

جناب والا! اس ملک پر ہندوستان کی بالادستی قائم کرنے کے لئے جو اقدامات موجودہ حکومت یعنی پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت کر رہی ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہ بہت سارے معاملات سے واضح ہو جاتے ہیں مثلاً اگر آپ دیکھیں تو ہماری پرائم منسٹر سارک کی چیئرپرسن ہیں، اس پر کوئی اعتراض نہیں، ہماری پرائم منسٹر صاحبہ کو چیئرپرسن ہونے کی حیثیت سے چاہیئے تھا کہ سری لنکا کے معاملات میں، جب ہندوستان اور سری لنکا کے معاملات کشیدہ ہوئے تھے، اور سری لنکا کی حکومت احتجاج کر رہی تھی۔ جب کہ وہ بھی سارک کی ایک رکن تھی۔ تو چاہیئے تھا کہ ہماری وزیراعظم فوری طور پر سارک کی میٹنگ call کرتیں، اور اس پر توجہ دیتیں اور معاملات کو حل کرنے کی کوشش کرتیں لیکن یہ نہیں کیا گیا۔ جب نیپال کے ساتھ ہندوستان کے معاملات خراب ہوئے اور ہندوستان نے نیپال کا اقتصادی blockade کر دیا، اور نیپال نے اس پر واویلا کیا، سب سے منتیں کیں کہ میری امداد کے لئے کچھ کیا جائے تب بھی جو سارک کی چیئرپرسن تھیں، انہوں نے سارک کی میٹنگ call کرنے کی تکلیف نہیں اٹھائی، صرف اس لئے کہ اس بات پر کہیں ہندوستان خفا نہ ہو جائے۔ اس طرح سے یہ معاملات واضح ہو جاتے ہیں۔ ہندوستان کو ایک regional power تو فارن منسٹر صاحب فرما گئے اور ہندوستان کو اس ریجن میں بالادستی دینے کے لئے موجودہ پیپلز پارٹی کی حکومت،

headed by Mohtarma Benazir Bhutto who is the Chairperson of the SAARC

یہ اقدامات کر رہی ہیں۔

اس کے علاوہ ہندوستان میں بابری مسجد کا واقعہ سامنے آیا ہے۔ اور اس پر ہماری حکومت کئی روز چپ رہی۔ جب اس ایوان میں، نیشنل اسمبلی

کے پلیٹ فارم پر عوام کے نمائندگان نے اور ایوان سے باہر باہر لوگوں نے واویلا کیا کہ بابری مسجد کا مسئلہ مسلمان قوم کا مسئلہ ہے' جس کی بقا کے لئے یہ ملک قائم کیا گیا اور اسی پر بھی یہ بات نہیں کرتے تو یہ کتنی عجیب بات ہے ؟ کیا ہم نے اپنے آپ کو گروی رکھ دیا ہے ۔ یہ ساری باتیں جب ہوئیں تو پھر اس حکومت نے ایک on the level of a minister of state اس کے متعلق بات کی اور کچھ عرصہ بعد ایک منسٹر کے لیول پر یہ بات سامنے آئی ۔

ہندوستان میں مسلم کش فسادات ہوئے اس پر ہماری حکومت ایک لفظ بھی نہیں بولی صاحبزادہ صاحب نے آج فرمایا ہے اور میں اس کے لئے ان کا مشکور ہوں کہ وولر بیراج پر کوئی progress نہیں ہوئی اور ہونی بھی نہیں' اور انہوں نے فرمادیا ہے کہ سیاچین پر کوئی progress نہیں ہوئی اور ہونی بھی نہیں اور انہوں نے فرما دیا ہے کہ ابھی تک کشمیر کا جو مسئلہ ہے وہ ویسے کا ویسا ہے' یہ معاملات ایسے ہیں کہ ہم ان سے کچھ آگے نہیں بڑھ سکتے ہیں' ہم اپنے موقف پر قائم ہیں' یہ بات بھی آج انہوں نے فرمادی لیکن میں جو بات کر رہا ہوں ، وہ یہ ہے کہ ان چیزیں سے واضح ہوتا ہے کہ حکومت پاکستان نے ہندوستان کی بالادستی قبول کر لی ہے اور وہ اس چیز کو آگے بڑھانا چاہتی ہے اور چاہتی ہے کہ یہ قوم بھی اس کو قبول کرلے' اسی لئے اقتصادی اور social ties ہندوستان کے ساتھ بڑھادی گئی ہیں اور یہ جو اسلام آباد میں کانفرنس ہوئی ، اس میں طے ہی یہ پایا ہے کہ کشمیر کا کوئی ذکر نہ ہو اور کوئی ذکر نہیں کیا گیا ' ہمارے ہندوستان کے ساتھ جو اور معاملات ہیں ان کا ذکر نہ ہو' ہمارے پولیٹکل مسائل طے نہ کئے جائیں لیکن معاشی مسائل اور سوشل معاملات ہیں' socio-economic معاملات ہیں ، یہ ہندوستان کے ساتھ طے کئے جائیں تاکہ ہندوستان ان socio-economic معاملات میں جن کے متعلق وہ ہم ہمیشہ کہتے رہے کہ کشمیر کا مسئلہ حل ہو تو socio-economic معاملات آگے چلیں گے ، پہلی مرتبہ ہماری حکومت نے یہ کہدیا کہ ہم socio-economic معاملات کو آگے بڑھائیں گے' کشمیر کے مسئلے کی ہم کوئی بات نہیں کریں گے ،

اور وہاں پھر کانفرنس میں کشمیر کے متعلق انہوں نے کوئی بات کی بھی نہیں۔ ان چیزوں سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ یہ حکومت ہندوستان کی بالادستی پاکستانی قوم سے قبول کروانا چاہتی ہے۔ میں یہ بات واضح کر دوں اس ایوان کی طرف سے اور اس قوم کی طرف سے کہ ہم کبھی بھی ہندوستان کی بالادستی قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں، چاہے امریکہ کہے، چاہے کوئی اور کہے، چاہے ایک وقتی حکومت کہے، چاہے جو اس بات پر ہمیں راضی کرنے کی کوشش کرے، چاہے صاحبزادہ یعقوب خان صاحب فارن منسٹر یہاں کہیں کہ آئندہ regional powers بڑی اہمیت اختیار کر جائیں گی۔ regional powers چاہے اہمیت اختیار کریں چاہے نہ کریں ایک چھوٹا سا ملک بھی اپنی خود مختاری، اپنی sovereignty اپنے خون پسینے سے قائم رکھ سکتا ہے۔ جس طرح کہ ترکی نے سوویت یونین کے مقابلے میں اتنا عرصہ قائم رکھی جس طرح کہ ایک چھوٹا سا ملک جاپان دنیا کے سامنے قائم رکھ رہا ہے۔ ہم کیوں اپنی خود مختاری اور sovereignty اس خطے میں قائم نہیں رکھ سکتے؟

جناب چیئرمین: آپ کتنا اور وقت لیں گے وردگ صاحب؟

جناب آصف فصیح الدین وردگ: جناب بس تھوڑا سا!

جناب چیئرمین: ذرا جلدی wind up کریں۔

I think we are now running short of time.

جناب آصف فصیح الدین وردگ: سب سے خطرناک بات جو ہماری حکومت نے اور خاص طور پر محترمہ بے نظیر بھٹو وزیراعظم نے کی وہ یہ تھی کہ دنیا کی جو قائم شدہ جمہوریتیں ہیں ان کو چاہیئے کہ وہ نو قائم شدہ جمہوریت کی ہر طریقے پر مدد کریں تاکہ جو نئی جمہوریت قائم ہو اس کے پاؤں مضبوط کئے جا سکیں۔ اس خطے میں جناب والا! ہندوستان claim کرتا ہے کہ ہماری قائم شدہ جمہوریت ۱۹۴۷ء سے ہے اور دنیا میں کہا جاتا ہے کہ یہ دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہے اور بے نظیر صاحبہ بار بار فرماتی ہیں کہ پاکستان میں جمہوریت صرف اس دن قائم ہوئی جس دن انہوں نے حلف اٹھایا، درحقیقت

یہ بات نہیں ہے لیکن وہ یہ خود فرماتی ہیں۔ اگر ایسی بات ہے تو کیا وہ دنیا کو اور اس قوم کو یہ کہہ رہی ہیں کہ پاکستان میں جمہوریت سے مطلب ان کا اقتدار، پیپلز پارٹی کا اقتدار قائم کرنے کے لئے وہ ہندوستان کی افواج کو دعوت دیتی ہیں، ہندوستان کی حکومت کو دعوت دیتی ہیں کہ وہ آئیں اور پاکستان میں پاکستان پیپلز پارٹی اور محترمہ بے نظیر کا اقتدار قائم کریں۔ کیا وہ یہ کہہ رہی ہیں کہ جوان کے شوہر نامدار نے فرمایا کہ ہمیں اقتدار دلوانے میں ہندوستان کا بڑا ہاتھ ہے۔ کیا وہ قوم کو یہ کہنا چاہتی ہیں کہ ہمیں اقتدار میں قائم رکھنے کے لئے بھی ہندوستان کا بہت بڑا ہاتھ ہوگا اور ہندوستان کی افواج کا بہت بڑا ہاتھ ہوگا مجھے نہیں پتہ لیکن میں یہ چاہتا ہوں کہ ان کو یہ بات سمجھ آجائے کہ پاکستان کا بچہ بچہ کٹ مرے گا۔ پاکستان کا کوئی شخص اس بات کو برداشت نہیں کرے گا کہ کسی بھی حکومت کے قیام کے لئے کوئی شخص اس طرح سے کسی foreign army کو استعمال کرے جس طرح سے ببرک کارمل وغیرہ نے روس کی افواج کو استعمال کیا۔

دوسری چیز میں افغان جہاد سے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں۔ افغان جہاد کے ساتھ موجودہ حکومت نے غداری کی، جو تقریباً ۱۵ لاکھ قیمتی جانوں کی قربانی سے اس مرحلے تک پہنچے کہ روس کی فوج کو افغانستان سے نکلنا پڑا اور اس کی بدولت دنیا کے معاملات میں ایک تبدیلی رونما ہوئی۔ روس کے اپنے اور Eastern Europe کے معاملات میں تبدیلی رونما ہوئی۔ افغان قوم نے ۵۰ لاکھ افراد کو بے گھر کروایا اور افغان قوم کی املاک تباہ و برباد ہوئیں۔ اور پاکستان کی بیش قیمت جانوں کا ضیاع ہوا۔ ان تمام قربانیوں اور کوششوں کے بعد ایک طویل جنگ کے بعد ایک طویل جہاد کے بعد جس نہج پہ معاملات کو پہنچایا جا چکا تھا۔ اس جہاد کو کامیابی سے ہمکنار ہونے سے روکنے کے لئے پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت نے افغان جہاد سے غداری کی۔ اس غداری میں بھی میں اسی جنرل گل حمید کا ذکر کروں گا۔ اسی آئی ایس آئی کا ذکر کروں گا اور اسی آئی ایس آئی کو افغان جہاد سے علیحدہ کرنے کا ذکر کروں گا اور پھر جو نفاق آج AIG کے بعض elements میں نظر آیا جو پہلے کبھی نہیں آسکا تھا۔ اس

حد تک اس کا ذکر کروں گا۔ جو ابھی چند دن ہوئے ایک افغان مجاہد کمانڈر مسعود کا بیان آیا کہ دو سال سے ہمیں اسلحہ نہیں مل رہا اور ہمیں معلوم ہوا ہے کہ اب ان کے چہیتے کمانڈرز کو اسلحہ directly فراہم کیا جا رہا ہے اور یہ broad based government اور نجیب کا ذکر کرتے ہیں لیکن آج بھی یہاں صاحبزادہ صاحب موجود تھے اور افغان صورت حال پر انہوں نے بات کی انہوں نے یہ نہیں کہا کہ PDPA اس broad based government set up میں نہیں ہو گی انہوں نے یہ نہیں کہا کہ جو روس کی قائم کردہ ایک کٹھ پتلی جماعت اور حکومت ہے اس کے افراد کسی صورت میں حکومت میں شامل نہیں ہوں گے۔ انہوں نے صرف اور صرف وہی بات کی جو بے نظیر صاحبہ نے کی تھی کہ نجیب کو کسی طریقے سے اس معاملے سے ہٹایا جانا چاہیئے اور ان کے الفاظ یہ تھے۔ جو اس بات کو مزید تقویت پہنچاتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا کہ یو۔این کے سیکرٹری جنرل جو ہیں انہوں نے خواہش ظاہر کی ہے کہ افغان مجاہد گروپ اکٹھے ایک delegation اپنا بنا لیں اور وہ directly ان سے بات چیت کروائیں گے جو افغانستان کی موجودہ حکومت ہے۔ اگر افغان عبوری حکومت اور مجاہدین کو مجبور کیا جائے کہ افغان کٹھ پتلی حکومت کے ساتھ بات چیت کریں اور اس کے نتیجے میں broad based government بنے اس کا مطلب ہے دونوں فریقوں کو ملا کر وہ broad based Government بنانے کا ارادہ رکھتے ہیں اور اس بات کو انہوں نے کہا کہ ہم Support کر رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ قوم اس بات کو Support نہیں کرتی ۔۔۔۔ کہ افغانستان میں نجیب کی حکومت ہو یا اس کے ساتھیوں کی حکومت ہو یا PDPA کی حکومت ہو، نہ ہی اس بات کو support کرتی ہے کہ کوئی ایسی broad based حکومت بنائی جائے جس میں PDPA اور مجاہدین ایک طرف، اور کٹھ پتلی اور روس کے Camp follower ان کی قائم کردہ حکومت ہو، دوسری طرف وہ لوگ جنہوں نے اتنی قربانیاں دیں اس حکومت کے خاتمے کے لئے اور اب بھی برسرپیکار ہیں باوجود ان کے کہ پاکستان کی حکومت اس

میں ہر قسم کی مداخلت کر رہی ہے ۔ اس کے باوجود جو آج صورت حال قائم ہے اگر اس میں وہ مجبور کرتے ہیں broad based government بنانے کو، تو یہ پاکستانی قوم کی منشاء نہیں ہے ۔ یہ اس ایوان اور عالم اسلام کی منشاء نہیں ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

جناب چیئرمین: جی ذرا ختم کریں وقت بہت کم رہ گیا ہے ۔

جناب آصف فصیح الدین وردگ: جی جناب ! ابھی حال ہی میں عبداللہ کا قتل ہوا وہ پشاور میں شہید کئے گئے اور اس سے پہلے تقریباً تین ہفتے ان پر ایک attempt ہوئی اور اس attempt کے بعد میں خود آئی جی صوبہ سرحد کے پاس گیا کہ یہ ایک بہت قیمتی شخص ہے یہ مجاہد ہے جس نے فلسطین میں جہاد لڑا اور یہ مجاہد ہے جو افغانستان میں جہاد لڑ رہا ہے اور تمام Arab efforts کو Co-ordinate کر رہا ہے ۔ اس کو بم سے اڑانے کی کوشش کی گئی ۔ اور بم ایسا رکھا گیا جس سے کہ ایک foreign ہاتھ یا ہماری اپنی پشت پناہی نظر آتی ہے ورنہ ایک عام آدمی اس طریقے سے نہیں کر سکتا تو اس کی مکمل حفاظت کی ضرورت ہے اور اس کی آپ حفاظت کریں ۔ انہوں نے میرے ساتھ وعدہ بھی فرمایا ۔ لیکن اس کے باوجود تین ہی ہفتے کے بعد اس شخص کو اس طرح سے اڑایا گیا کہ جس میں واضح طور پر کسی Trained agency کا ہاتھ نظر آتا ہے ۔ کسی سابقہ تخریب کار کا نہیں electronically remote control سے ان کو اڑانے کے لئے سڑک کو کھودا ، بڑی ٹریفک والی روڈ کو کھودا گیا اور اس میں اتنا گن پاؤڈر رکھا گیا کہ وہ کئی گاڑیوں کو بیک وقت اڑا دے اور وہاں سے پھر تار بھی نکالی گئی ، ایک گھر کو کرائے پر لیا گیا ۔ جہاں سے دیکھا گیا کہ کب وہ آتا ہے اور کب جاتا ہے ۔ اور اس کو فالو کیا گیا ۔ اور اس کو اڑا دیا گیا ۔ اس میں کسی نہ کسی ، یا ہماری سرکار کی ایجنسی یا کسی ہمسایہ سرکار کی ایجنسی لازماً ملوث تھی تب یہ کام ہو سکتا ہے ۔ تیسری بات جو اس میں نظر آتی ہے وہ یہ ہے کہ اب جتنے عرب باشندے پاکستان میں جہاد سے یا مجاہدین کے relief work سے متعلق ہیں اور مجاہدین کی امداد کے لئے جتنی

agencies کام کر رہی ہیں۔ ان تمام کے لئے دشواریاں پیدا کی جا رہی ہیں، ہر ایک کو کہا جا رہا ہے کہ تین مہینے سے زیادہ تمہیں ویزہ نہیں دیا جائے گا۔ اور حال ہی میں ایک سعودی ایر لائن کو بھی اڑانے کی کوشش کی گئی۔

جناب چیئرمین: بس جی آصف صاحب اب ایک بج گیا ہے۔

جناب آصف فصیح الدین وردگ: جناب صرف ایک درمنٹ اور لوں گا۔

جناب چیئرمین: صرف ایک منٹ اور۔

جناب آصف فصیح الدین وردگ: میں اس انغان issue کو ٹائم کی کمی کی وجہ سے کسی اور وقت کے لئے چھوڑ دیتا ہوں اس وقت میں سمجھتا ہوں کہ کشمیر میں ایک جنگ آزادی جاری ہے اس جنگ آزادی کی تائید اور پشت پناہی کرنا ہمارا فرض بنتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کا ذکر بھی نہ کرنا اس ایوان میں یا پاکستان میں یا اس حکومت کے ایماء پہ اس کو مکمل طور پر نظر انداز کر دینا یہ اس ملک کے ساتھ اس قوم کے ساتھ زیادتی ہے کیونکہ کشمیر ہماری شہہ رگ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت وہ سٹیج آ چکی ہے کہ ہم تاشقند اور شملہ سمجھوتے اور اسلام آباد سمجھوتے پر نظر ثانی کریں۔ شملہ سمجھوتہ اس وقت ہندوستان کی نگاہ میں، جہاں تک کشمیر کا مسئلہ ہے یہ ایک dead letter ہے اس کی کوئی حیثیت کوئی وقعت نہیں رہی۔ اور وہ کہتے ہیں شملہ سمجھوتے کے مطابق ہمیں ان مسائل کو bilaterally آپس میں طے کرنا ہے۔ bilaterally کوئی مسئلہ تب طے کیا جا سکتا ہے جب ایجنڈے پر لایا جا سکے۔ جب اس پر گفتگو ہو سکے جب ایک فریق کہے کہ اس پر گفتگو بھی نہیں ہو سکتی۔ اس پر بات بھی نہیں ہو سکتی۔ پھر جناب والا! کس طریقے پر bilaterally کوئی مسئلہ طے کیا جا سکتا ہے۔ اور جب ایک فریق اس طریقے پر یہ رویہ اختیار کرے تو اس کا مطلب ہے اس فریق نے شملہ سمجھوتے کو از خود ختم کر دیا ہے۔ انہوں نے اپنے رویئے سے ختم کر دیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہمیں اس وقت فوری طور پر کشمیر کے مسئلے کو دوبارہ اقوام متحدہ میں لے جانا چاہیئے۔ دوبارہ انٹرنیشنل فورم پر لے جانا چاہیئے اور اقوام متحدہ سے درخواست کرنی چاہیئے کہ جو انہوں نے

قرارداد پاس کی تھی کہ کشمیر میں plebiscite ہوگا اس plebiscite کا فوری طور پر انعقاد UN Force کے ذریعے کروایا جائے اور ہمیں اسی طرح سے عملاً شملہ اور اسلام آباد Accords کو dead letters تصور کرنا چاہیئے۔

جناب چیئرمین صاحب! آج تک ضیاء الحق شہید کو بم سے اڑانے کا تخریب کاری کا مسئلہ کسی طریقے سے قوم کے سامنے نہیں لایا گیا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اسے فوری طور پر سامنے لایا جائے اور اس ضمن میں، میں صاحب صدر سے بھی درخواست کروں گا کہ وہ اپنے good offices استعمال کریں، فوری طور پر انکوائری کو مکمل کرنا چاہیئے اور اس کی رپورٹ قوم کے سامنے آنی چاہیئے۔ خاص طور پر اس لئے بھی کہ موجودہ حکومت پر بعض لوگ اس لئے بھی تنقید کرتے ہیں کہ انہوں نے ایک ایسے شخص کو سفیر بنایا جس کے متعلق بعض لوگ سمجھتے ہیں کہ وہ ضیاء الحق کی شہادت کے پیچھے master mind تھا۔ میں اس ایوان کا بڑا مشکور ہوں۔

جناب چیئرمین: شکریہ جی۔

Now, Call Attention Notice is normally taken at the end of the day.

لیکن احسان الحق پراچہ صاحب جانا چاہ رہے ہیں۔ اگر ایوان اجازت دے تو

Can I take up the Call Attention Notice? It will take about 5 to 10 minutes.

اگر ایوان اجازت دیتا ہے تو میں ڈاکٹر صاحبہ سے درخواست کرتا ہوں کہ یہ Call Attention Notice پڑھ دیں۔ It will take about 5-10 minutes.

جی زیادہ لمبی تقریر نہ کریں، پڑھ دیں صرف۔ جی ڈاکٹر صاحبہ۔

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی: سر اس کے پوائنٹس تو بتانے پڑیں گے۔

جناب چیئرمین: مختصر بات کریں۔

Today is the last day and we have to finish all these things.

Dr. Noor Jehan Panezai: Thank you, Mr. Chairman.

"I move Call Attention Notice against the withholding of Federal Government grant in the major functional Projects under the Government of Baluchistan, namely, Hub Dam Project, Fisheries Loans and Sandak Project and Northern Highways."

اب میں ذرا وضاحت کر دوں۔

جناب چیئرمین: مختصر بات کریں۔

جناب احسان الحق پراچہ: جناب چیئرمین صاحب۔ میرا جواب سن لیں تو شاید ان کو اپنا بیان پڑھنے کی ضرورت ہی محسوس نہ ہو۔

جناب چیئرمین: صرف مختصر وضاحت کر دیں کہ کہنا کیا چاہ رہی ہیں۔ جی ڈاکٹر صاحبہ۔

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی: جناب چیئرمین صاحب۔ یہ Call attention notice مجھے اس لیے دینا پڑا کہ اس سے پہلے بھی وفاقی حکومت نے اپنی انتقامی کارروائیوں کی انتہا کر دی تھی۔ ابھی recently بلوچستان کے کچھ major projects ہیں، جیسے چوبیس کروڑ روپے ہب ڈیم کا فیڈرل گورنمنٹ نے withhold کر دیا ہے اور تیئس کروڑ جو Sandak Project کا تھا اسے divert کر دیا ہے سندھ لاکڑا کول فیلڈ میں اور جو Fisheries Loans تھے چھ کروڑ اس میں سے بھی کٹ کر دیا ہے۔ جناب والا! اس کو اگر دیکھا جائے تو ان کے جو پیپلز پروگرام کے Projects ہیں یا ان کی جو percentage ہے جیسے 10 - percent کہتے ہیں ان کا تو یہ دسواں حصہ بھی نہیں ہے۔ اب چونکہ یہ انتقامی کارروائی ہے صوبے میں ان کی حکومت نہیں رہی ہے، انہوں نے جو سب سے پہلے ایکشن لیا تھا NEC Meeting میں جو انہوں نے deadlock پیدا کر دیا تھا۔ وہاں پر deadlock اس لیے ہوا تھا کہ صوبائی حکومت کی ڈیمانڈ انہوں نے reject کر دی تھی اور صرف اپنا حکم صادر کر دیا جس کو صوبائی حکومتوں نے reject کر دیا۔ اس کے بعد صوبائی حکومتوں کی demand پر انہوں نے Council of Common Interests کی میٹنگ نہیں بلوائی۔ جس کی ایک آئینی حیثیت ہے اور انہوں نے خود ساختہ صوبائی رابطہ کمیٹی جس کی کوئی آئینی حیثیت نہیں ہے اسے کال کرنے کی کوشش کی ہے مجھے سمجھ نہیں آتی جو یہ جمہوریت کے دعویدار ہیں اور جمہوری حکومت کا دعویٰ کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: بس واقعات بتا دیں۔

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی: میں جی ان پر آتی ہوں۔ جناب چیئرمین: یہ ایک صوبے کا

بڑا important مسئلہ ہے۔ ایک صوبے۔

جناب چیئرمین: جی آپ کی بات سمجھ میں آ گئی ہے کہ ہب ڈیم اور۔

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی: چونکہ یہ بہت serious مسئلہ ہے۔ پورے صوبے میں اس کے خلاف ایک تحریک شروع ہو جائے گی۔ ان کی یہ عادت رہی ہے۔ اس سے پہلے بھی ان کی حکومت نے انہی حرکتوں کی وجہ سے ملک کو دو ٹکڑوں میں تقسیم کر دیا۔ اب بھی بلوچستان پاکستان کا ایک حصہ ہے اور ایک بازو ہے اس کو paralyse کر کے اگر یہ سمجھتے ہیں کہ یہ حکومت کریں گے تو یہ ان کی غلط فہمی ہے۔

جناب چیئرمین: بہرحال آپ کا Call Attention Notice یہ ہے کہ ہب ڈیم کے لئے اور Sandak Project کے لئے۔

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی: اور نادرن ہائی وے ہے۔ یہ سارا فنڈ انہوں نے کاٹ کر کچھ تو سندھ میں divert کر دیا۔ اپنی حکومت چلانے اور اپنے صوبے کو فائدہ دینے کے لئے کچھ کو انہوں نے پیپلز ورکس پروگرام کے لئے اور کچھ ظاہر ہے منسٹروں کے 10 Percent 20 percent کمشن کے لئے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے ڈاکٹر صاحبہ۔ جی جناب احسان الحق صاحب۔

جناب احسان الحق پراچہ: جناب چیئرمین! میں فاضل رکن کو یہ یقین دلانا چاہتا ہوں کہ بلوچستان کے جتنے projects ہیں، سینڈک، پسنی اور ہب ڈیم، ان projects کے لئے جو رقم رکھی گئی ہے وہ نہ تو سندھ صوبے میں ٹرانسفر کی گئی ہے اور نہ کسی اور project کے لئے مخصوص کی گئی ہے۔ پیپلز پروگرام کا ذکر آیا۔ پیپلز پروگرام کے لئے بجٹ میں علیحدہ رقم رکھی ہے اور ہر صوبے کو اس کی اپنی Population Formula کے مطابق وہ رقم دی گئی ہے۔ جہاں تک Sandak Project کا تعلق ہے 3 دسمبر کو ECNEC Meeting ہوئی۔ اس میٹنگ میں صوبہ بلوچستان کے نمائندے بھی موجود تھے۔ اور ۲۶۲ ملین کی ECNEC allocation نے کر کے وہ پراجیکٹ approve کیا اور ۲۶۲ ملین کی رقم اس project کے لئے اس سال کے لئے مختص کی گئی ہے۔ مجھے سمجھ نہیں آئی کہ یہ فاضل رکن کہاں سے معلومات لے کر آئی ہیں کہ

Sandak Project کے فنڈز کو فیڈرل گورنمنٹ نے کسی اور صوبے میں منتقل کر دیا۔ Pasni Fisheries Harbour Project کے متعلق یہ بھی ایک approved project ہے Special Development Programme سے تیس ملین کی رقم اس Project کے لئے رکھی گئی ہے اسی طرح Hub Dam کی بھی جو allocation ہے وہ کہیں divert نہیں ہوئی جتنے Projects صوبہ بلوچستان کے ہیں نہ تو وفاقی حکومت کوئی انتقامی کارروائی کر رہی ہے نہ اس کے funds کسی اور صوبے کو تو چھوڑیئے کسی اور Project پر بھی منتقل نہیں کر رہے جتنی allocation تمام Projects میں تھی وہ پوری کر رہے ہیں سینڈک کا بھی ECNEC نے Approve کیا ہے اس کے لئے allocation کی ہے پسنی کے لئے وہ بھی Approved project ہے لہذا میں اس کی پرزور تردید کرتا ہوں اور فاضل رکن کو یقین دلاتا ہوں کہ جس صوبے کے Project کے لئے رقم مختص کی گئی ہے وفاقی حکومت اس کو یقینی بنائے گی کہ اسی projects پر رقم خرچ کی جائے۔

جناب چیئرمین: شکریہ جناب۔

No more discussion, please sit down.

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی: ایک clearance اور دے دیں کہ یہ funds release کب کریں گے اگر یہ کہہ رہے کہ recently یہ آرڈر ہے کہ وہ divert نہیں ہے تو یہ release کیوں نہیں کر رہے۔

Mr. Chairman: Mr. Piracha, would you like to respond to that?

جناب احسان الحق پراچہ: جناب والا! میں نے عرض کیا کہ ۳۱ دسمبر کو ECNEC نے وہ پراجیکٹ Approve کیا اس کے لئے allocation کی اب وہ صوبائی حکومت جیسے جیسے demand کرتی جائیگی Federal Government release کرتی جائے گی۔

Mr. Chairman: Thank you.

جناب شاد محمد خان: جناب میں اپنی قرارداد پیش کر دوں۔

جناب چیئرمین: جی وہ آج مشکل ہے کیوں کہ وہ تو ہم نے process ہی نہیں کی۔

جناب شاد محمد خان: جناب والا! یہ پیش تو کرنے دیں۔

جناب چیئرمین: دوبارہ take up کر لیں گے اگر Urgent ہوا تو لے لیں گے جی ڈاکٹر صاحب آپ ملک فرید اللہ خان صاحب کے توجہ دلانے کے نوٹس کا جواب پڑھ دیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب چیئرمین! توجہ دلانے کے نوٹس کے ضمن میں درہ آدم خیل میں جو اپریشن ہوا وہ 20, 21 دسمبر کی رات کو Frontier Corps کے ذریعے ہوا جس کی خدمات وہاں کی سول حکومت نے دستور کے آرٹیکل ۲۴۵ کے تحت مستعار لی تھیں اور یہ Operation ۲۷ دسمبر کو مکمل ہوا ہے اور وہاں پر آپریشن کرنے کی وجوہات یہ ہیں کہ وہاں پر بچوں کو اغواء کر کے لے جانا اور پھر ان کے لئے یرغمالی رقم مانگنا' دوسرا یہ کہ کاریں چوری کر کے وہاں پر پہنچا دینا اور تیسری بات یہ تھی کہ وہ منشیات کا مرکز بنا ہوا تھا جہاں سے ہیروئن حشیش اور تمام دیگر منشیات ملک کے دوسرے حصوں میں منتقل کی جاتی تھیں گویا یہ سمگلنگ کا ہیڈ کوارٹرز بنا ہوا تھا اس کے علاوہ وہاں جوئے خانے تھے اور پھر آخر میں' میں یہ بتانا مناسب سمجھتا ہوں (یہ بہت ضروری بات ہے) کہ جو جرائم پیشہ افراد ہیں وہ دوسرے علاقوں سے بھاگ کر وہاں پر پناہ لیے ہوئے تھے کافی تعداد میں Proclaimed Offenders وہاں پر تھے۔ اس لئے ۲۰، ۲۱ دسمبر کی رات کو یہ آپریشن شروع کیا گیا جو ۲۷ دسمبر کو ختم ہوا اور دوسری بات یہ کہ آیا اس ضمن میں عمائدین کو اور ملکوں کو اعتماد میں لیا گیا تھا یا نہیں تو میں گزارش کروں گا کہ جنہوں نے اس اپریشن کے لئے اپنی رائے دی اور مدد کی ان میں زرغم خیل سیکشن ہے جن کے یہ پانچ معزز حضرات ہیں ملک جان بہادر، ملک اسلم' ملک نور مست' ملک زرغم، ملک محمد رسول اور اخوردال سیکشن میں بھی پانچ آدمیوں نے ساتھ دیا اور ان کے کہنے پر وہاں کی Demand پر ایسا کیا گیا۔ اس Problem کو حل کرنے کے لئے وہاں پر صوبائی اسمبلی میں بارہا یہ مسائل اٹھائے گئے تو اس میں بھی ملک گل مست کونسلر' ملک احسان اللہ خان' ملک عبدالقیوم، ملک گل خان' ملک علی عباس اور کوئی وال سیکشن سے ملک بلال کونسلر' ملک حاکم خان' ملک میر عالم'

ملک گل دست ، ملک سلیمان شاہ اس کے علاوہ شیرا کی سیکشن سے ملک گل عالم کونسلر ملک آدم خان ، ملک غلام نبی ، ملک خان بہادر ، ملک زر عدیل اور اس کے علاوہ بوستی خیل سیکشن سے یہ سیکشن قبائل ہیں ۔ ملک سرمیر کونسلر ، ملک رودھی خان گل ، ملک میر غلام خان ، ملک زر محمد خان ، ملک امیر خان اب دیکھنا یہ ہے کہ آیا اس آپریشن سے کیا برآمد ہوا یا ویسے ہی ناکارہ چلا گیا کیا وہ لوگوں کو تنگ کرنے کے لئے تھا یا شرفاء کے خلاف تھا یا کسی کے خلاف سیاسی انتقامی کارروائی تھی تو میں اس معزز ایوان کے سامنے یہ صورتِ حال بیان کرنا مناسب سمجھتا ہوں کہ وہاں سے جو چیزیں برآمد ہوئیں ان سے پتہ چل جائے گا کہ اس آپریشن کی کیا غرض و غایت تھی ۔ کیا وہ درست تھی تو اس میں یہ جو Arms اور Narcotics کی چیزیں ملی ہیں ۔

Light machine guns	35
Light machine guns (barrfi)	2
Field Gun Barrel with carriage	1
Field Gun Mount	1
3" Marter Barrel	1
N.B.R.L. with fixed tubes	6
12-7MM AA Gun (Anti-Aircraft Guns)	5
75.57 MM RR Barrel	4
Heavy Machine Gun	1
Heavy Machine Barrfi	5
BPG7	10
12.7 MM Barraf 57, 6	
12.7 MM Mount IFGH Mg-08	
VICCAR	1
Rocket Launchers	40

اب Ammunition میں بہت ساری ۸۹۹، ۲۱ گولیاں ہیں ایک اور قسم کی ۳۴۲، ۶ ہیں - ۵ء۱۴ ایم ایم کی ، ۳ ایم ایم کی گیارہ ، ۲۰ ایم ایم کی ۸۸،

RPG 7 Shell	9
40 MM Shell	4
3" Marter Bombs	2
50 MM Shell	1
Smoke Shell	7
75 PR Shall	46
RHE 36 Hand Grenade	41
Grenade Plastic	24
107 MM Shell	3
Explosives 60 Kgs.	
Rockets	153
Stinger Missiles (Very important item)	8
Heroine one Kg. bag	1
Opium	695 Kgs.
Hasheesh	3575 Kgs.

اس کے علاوہ چار گاڑیاں جو چوری شدہ تھیں اور قریباً ۸۳ proclaimed offenders کے لگ بھگ پکڑے گئے اس آپریشن میں بیس گھر مسمار ہوئے جس میں یہ رہتے تھے اور یہاں پر کوئی جانی نقصان نہیں ہوا یہ صورت حال ہے ۔

جناب چیئرمین، حاجی ملک فرید اللہ خان اس میں بحث تو نہیں ہو سکتی لیکن مختصراً کچھ کہنا چاہیں تو فرمائیں ۔

حاجی ملک فرید اللہ خان: جناب والا، میں آپ کی اجازت سے عرض کروں گا کہ وزیر صاحب نے جو بیان دیا ہے وہ حقائق کے بالکل منافی ہے سب سے بڑی بات تو یہ ہے کہ

اگر آپریشن ان کو کرنا تھا جیسے انہوں نے کچھ نام بتائے کہ فلاں فلاں ملک جن کو Professional Political Maliks کہتے ہیں اور یہ وہی لوگ ہوتے ہیں کہ جو بھی Political حکام کرتے ہیں تو ان کے انگوٹھے اس کے اوپر ثبت کرتے ہیں کیا حکومت نے اس ضمن میں جو ان کے سب سے بڑے Representatives MNAs and Senators ہوتے ہیں ان کو بھی consult کیا یا ان کی بھی رائے لی کہ ہم اتنا بڑا آپریشن کرنے والے ہیں اس کا جواب تو یہ ہے جناب والا! اسلحے کی جو انہوں نے فہرست پیش کی ہے اور خاص کر Stinger Missiles پر انہوں نے زور دیا ہے یہ کون سا اسلحہ ہے جو Stingers کس ملک نے کن لوگوں کو Supply کئے ہیں یہ تو وہ اسلحہ ہے جو حکومت افغان مجاہدین کو سپلائی کرتی ہے اور یہ قبائلی علاقہ جات افغان مجاہدین کے Centres ہیں یہاں سے وہ اسلحہ لے جاتے ہیں اور افغانستان کے اوپر حملہ آور ہوتے ہیں یہی وہ bases ہیں جہاں سے وہ اسلحہ لے جاکر افغانستان میں جہاد کرتے ہیں جناب والا! حکومت کا رویہ انتہائی افسوسناک ہے ہم یہاں اپنے علاقوں کے مسائل اٹھانے کے لئے آتے ہیں اپنے علاقوں کے Interests کو Safeguard کرنے کے لئے آئے ہیں۔ ہم نے شروع ہی سے مرکزی حکومت کی طرف تعاون کا ہاتھ بڑھایا۔ آج میں انتہائی افسوس کے ساتھ فاٹا سینیٹرز کے گروپ لیڈر کی حیثیت سے اس تعاون کو واپس لیتا ہوں اور اپنے دوستوں کے ساتھ واک آؤٹ کرتا ہوں۔

(اس مرحلے پر فاٹا کے سینیٹرز ایوان سے واک آؤٹ کر گئے۔)

<u>جناب چیئرمین:</u> اچھا جی، نبی بخش زہری صاحب آپ صدر کے خطاب پر کچھ کہنا چاہیں گے۔ آپ ذرا لمبی بات کریں گے۔ نبی بخش زہری صاحب مختصر بات کرتے ہیں اور ان کی صحت بھی اچھی نہیں ہے اس لئے میں چاہتا ہوں ان کو پہلے موقع دے دوں۔ ہمارے بزرگ ہیں اور یہ ہمیشہ بڑی مختصر اور مزیدار تقریر کرتے ہیں۔

<u>میر نبی بخش زہری:</u> بڑی مہربانی۔ جناب چیئرمین صاحب۔

<u>جناب چیئرمین:</u> آپ کو بھی موقع دیں گے ذرا ان کو ختم کر لینے دیں۔

میر نبی بخش زہری : جناب چیئرمین ! ایسے موقع پر ہماری برادری کو بھی کچھ نہ کچھ اپنے اہم معاملات اور خیالات کا اظہار کرنا ہے۔ آپ نے یہ مختصر ٹائم دے کر مجھے یہ موقع دیا کہ آپ کی وساطت سے میں اپنے خیالات سے سینیٹر برادری کو روشناس کراؤں۔ میں جانتا ہوں کہ ہمارے سینیٹرز بڑے honourable ہیں صدر صاحب نے Joint session میں تقریر کی اور اپنے خیالات کا اظہار کیا یہ بڑی اچھی اور معیاری تقریر کی ہے اور انہوں نے اچھے خیالات کا اظہار کیا ہے۔ میں اس ہاؤس کے ہر ایک سینیٹر کو آپ کی وساطت سے مبارک باد پیش کرتا ہوں۔ آج جو صدر صاحب ہیں وہ ہمارے سینٹ کے پہلے چیئرمین رہے ہیں۔ ان کی تربیت سے شکر ہے کہ ہم بہتر راہ پر گامزن ہیں اور امید ہے کہ آئندہ جو لوگ آئیں گے آپ کی صدارت میں وہ ملک کی اچھی خدمت کے لئے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے اور وہ اپنی حق گوئی سے باز نہیں آئے۔

جناب والا! میں آج چاہتا ہوں کہ میں اپنے الفاظ ایک شعر سے شروع کروں گو کہ شعر میرا نہیں ہے کسی اچھے شاعر کا ہے اور میں نے اپنے موجودہ مقصد کے لئے الفاظ میں کچھ ہیر پھیر کیا ہے۔

آج ہم ملک کی پریشانی خاطر ہاؤس سے
کہتے جاتے تو ہیں پر دیکھیئے کیا کہتے ہیں

جناب! میں عرض کروں کہ صدر مملکت نے جو اپنے خیالات کا اظہار کیا سب نے ان سے اتفاق کیا۔ اس تقریر کے دو حصے تھے اور آج میں بھی کہتا ہوں میں نہیں چاہتا کہ میں repeat کروں کہ ہمارے معزز ممبران نے جو کچھ کہا ہے وہ آپکے گوش گذار ہوا ہے اور پریس میں بھی کچھ نہ کچھ آتا رہا ہے اور یہ علیحدہ بات ہے کہ سب کی تقریریں واضح طور پر published تو نہیں ہو سکیں مگر ہر ایک نے باتیں سمجھ لی ہیں اور صدر صاحب نے اپنے پہلے حصّے میں واضح طور پر جو ہدایات دی ہیں وہ بہت واضح ہیں اور ہم امید کرتے ہیں کہ موجودہ حکومت صدر صاحب کے مشوروں پر عمل کرے گی اور اپنی گذشتہ پالیسیوں پر نظر ثانی کرنا حکومت کے اپنے مفاد میں ہے اور ملک کے مفاد میں ہے۔

اب میں چاہتا ہوں کہ جناب مختصراً یہ عرض کروں کہ پچھلے دنوں اخبارات میں ایک پانچویں صوبے کا سمندری نقشہ میری نظر سے گزرا۔ اور اس کا نام صوبہ رکھا اور میرے خیال میں ان کا مقصد یہ ہونا چاہیئے تھا کہ ہم نے اپنی سمندری سرحد کو اتنا بڑھایا ہے ابھی تک تو میں نے internationally نہیں سنا کہ سمندر میں کوئی صوبہ بن جائے البتہ وہ لوگ جو سمندر میں رہنا تیرنا اور زندگی بسر کرنا چاہتے ہیں وہ ہمارے آنریبل وزیر جاوید صاحب جو ہیں ان کا کوئی دوست ہوگا تو یہ الگ بات ہے، مگر سمندر کے ایریا کو بڑھانا ہر ایک ملک کا اپنا حق ہے" internationally اپنی حد کو بڑھا سکتا ہے۔ مجھے اس لئے یہ کہنا پڑ رہا ہے کہ اس سمندر کا نام تبدیل کر کے بلوچستان کا ۴۰۰ میل سمندری کنارہ جو ہے کہیں اس کو لینے کا تو کوئی مقصد نہیں ہے یا اس پر کوئی اور nationally internationally مقصد تو نہیں ہے ہم چاہتے ہیں کہ اس قسم کی غلط فہمیوں کو وہ واضح کر دیں کہ ان کا مقصد اگر سمندری خزانہ سے ہے سمندری معدنیات سے ہے اور سمندری آمدنی سے ہے تو وہ صوبے کی بات نہیں بنتا ان کو اپنی زبان تحریر اور انداز کی اصلاح کرنا چاہیئے، اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس طریقے سے ان غلط فہمیوں کو درست کرنا بہت ضروری ہے ہماری سینیٹرز برادری کا ہمارا دوست جاوید جبار صاحب جو منسٹر ہیں اور Scientific طریقے سے لوگوں کو سمندر میں بسانا چاہتے ہیں ہمارے سارے پاکستان کی جو پوری زمین ہے اس کے اوپر آسمان ہے، ہوا میں بھی وہ بہت بڑے صوبے کا منصوبہ بنا سکتا ہے۔ یہاں کسی کو کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا اس طرح سے وہ اگر سمندر میں صوبہ بنا سکتا ہے تو ہوا میں بھی Scientific طریقے سے سوچے ان کے پاس محکمہ ہے میں اپنی سینیٹرز برادری کی طرف سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ اپنی صلاحیت اور اپنے Technicians کی صلاحیت کو استعمال کرے ایک بہت بڑا ملک جیسے پاکستان زمین پر ہے اس کے اوپر ستاروں تک بنا دے ان کو پورا صوبہ بنا دے۔

جناب! ممبر حضرات کہتے ہیں کہ پرائم منسٹر صاحبہ ہمارے ایوان میں تشریف نہیں لاتیں، ہماری سینیٹرز برادری کو یہ شکایت ہے، اس کے آنے سے ہم

بہت خوش ہو جاتے ہیں، ان کی موجودگی سے ہم اپنے آپ کو زیادہ مستحکم سمجھتے ہیں ان کی موجودگی سے ہم اپنے کو زیادہ بہتر طاقتور اور خوبصورت سمجھتے ہیں اور ان کے نہ ہونے سے ہم میں واقعی بڑی کمی موجود ہے میں درخواست کرتا ہوں کہ یہ بیگانگی کب تک۔ ان کے والد محترم نے ہی اس ایوان کو آئین میں provide کیا تھا۔ پہلی مرتبہ ۱۹۷۳ء میں یہ شروع ہوا ہے جسے ہاؤس بالا کہتے ہیں۔ جو کام کسی کا والد محترم کرے جو عاقل و ذہین اور نامور ہو تو اس کی لڑکی پرائم منسٹر ہو کر اس کے برعکس ہی کرتی رہے ایسا تو نہیں ہونا چاہیئے، انہوں نے ہمیں کتنی عزت دی، میں اس وقت کا ایک سینیٹر ممبر ہوں، وہ ہاؤس میں آکر بیٹھتے تھے، یہ ضروری نہیں ہے کہ ان کی اکثریت ہو، یہ بھی ضروری نہیں ہے کہ وہ اقلیت میں ہو، انہیں یقین ہونا چاہیئے کہ ہم ان کی بڑی عزت کرتے ہیں، ان کی یہاں آمد کا احترام کریں گے، ان کی پیپلز پارٹی کی جو ایم این اے برادری ہے، ممکن ہے کہ وہ اس سے ڈرتے ہوں لیکن جو احترام دل سے ہم کریں گے، بغیر کسی لالچ کے، وہ احترام شاید وہ بھی نہ کر سکیں، ان کو یہاں آنا چاہیئے۔ ان سے اپنی بات کو منوانا تو پانچ منٹ کی بات ہے، بیماری کی تو یہ بات کرتے ہیں مگر علاج بھی بتانا چاہیئے، جو میں عرض کرتا ہوں اور وہ علاج یہ ہے کہ ہم بغیر اس بات کے ہم کسی جماعت سے تعلق رکھتے ہیں۔ ہم سینیٹرز برادری کا جیسے پہلے اتفاق تھا، آج بھی اسی کا مظاہرہ کریں۔ پہلے ہم صدر ضیاء الحق کو جو کہ ایک جرنیل تھا۔ اس سے اپنے آپ کو تسلیم کروایا، اس کو میں نے منوایا، اور میرا سینیٹرز برادری نے ساتھ دیا تو اس کا جو First Martial Law Order تھا، اس میں ہم نے amendment کروائی اس لئے آج یہ کوئی بڑی بات نہیں ہے ہم پھر سینیٹرز برادری جو بھی فیصلہ کریں گے، اس کے مطابق مجھے امید ہے کہ Prime Minister عمل کرتے ہوئے یہاں آئے گی۔

میں چاہتا ہوں کہ ملک کے مفاد میں صدر مملکت نے جو تجویز کیا ہے۔ اس سے اتفاق کیا جائے، وہ تجربہ کار ہیں اس لئے ان کی تجویز سے اس ہاؤس کے اکثر ممبران نے اتفاق کیا ہے، ہمیں ان کے مشوروں پر اعتماد ہے۔

اس لئے اسی پر حکومت بھی عمل کرے اس
ہاؤس میں بہت ساری باتیں معزز اراکین نے کی ہیں اور غلطیوں کی نشاندہی بھی کی ہے، میں نہیں چاہتا کہ اس تھوڑے سے وقت میں ان سب کو دہراؤں ان سب کو آپ نے اس معزز ہاؤس کے ممبران نے اور پریس نے سن لیا ہے، کہتے ہیں کہ

ہر چہ باخود پسندی با دیگراں ہم پسند

اگر کوئی شخص اپنا استحقاق چاہتا ہے، اپنی بے عزتی نہیں چاہتا، تو پھر وہ ہمارے ہاؤس کا استحقاق برقرار رکھے ہم سینیٹرز ہیں، ہم ایم این اے کا احترام کرتے ہیں کیونکہ وہ ہمارے بھائی ہیں، مگر ہم ان سے سینیٹر درجہ رکھتے ہیں، تو وہ ہمارا احترام کیوں نہیں کرتی، یہ محض اس لئے تو نہیں ہے کہ ہمارا ووٹ ان میں شامل نہیں ہے، ایسا نہیں ہونا چاہیے بلکہ ہمارے وقار کو انہیں تسلیم کرنا چاہیئے اور یہ تسلیم کرنے سے اس کی عزت ہوگی وہ امریکہ گئیں وہاں امریکہ کے سینیٹروں کی یا جب وہ یہاں آتے ہیں، ساری حکومت ایک قسم کی دربانی کرتی ہے ان سے مدد مانگتی ہے یہ حکومت اور محترمہ پرائم منسٹر، اس سارے ہاؤس کا ایک امریکی سینیٹر کے مقابلے میں اتنا خیال نہیں رکھتے جتنا اس کا رکھتے ہیں، میں ان سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ ہمارا خیال رکھیں، اپنے ملک میں بیٹھیں، وزیراعظم کی کرسی اور اس نظام کو سنبھالیں، باہر کے ملک کب تک ساتھ دیں گے، وہ بے وفا ہوتے ہیں ہم باوفا ہیں، ہماری طرف دیکھیں، ہماری خدمت کرو، اس لئے جناب چیئرمین صاحب میں چاہتا ہوں کہ آپ کے سامنے پی آئی اے کا مسئلہ بھی رکھوں...

جناب چیئرمین: میرے خیال میں اپنی تقریر مختصر کریں.....

میر نبی بخش زہری: شکریہ جناب والا! ہر کوئی مانتا ہے کہ بدقسمتی سے ملک میں اس وقت انتشار ہے، مرکز اور صوبوں کے درمیان انتشار ہے، اس انتشار کو دور کرنے کی ذمہ داری بڑوں پر ہوتی ہے، اس وقت حکومت کا سب سے زیادہ ذمہ دار فرد وزیراعظم صاحبہ ہیں، صوبوں کا درجہ چھوٹا ہوتا ہے

دنیا میں یہ کوئی عزت کی بات نہیں ہوتی ہے جیسے ہم ایک سال سے بدقسمتی سے دیکھ رہے ہیں کہ صوبوں میں پولیس اور ملیشیا کی لڑائی ہوئی ہے۔ املاک کو آگ لگانا، لوگوں کو قتل کروانا اور ایک دوسرے کے خلاف کیس درج کروانا، آخر یہ کیا شور ہے۔

این چہ شور است کہ در دور قمر می بینم
طوق زریں ہما در گردن خر می بینم

(قہقہے)

ہمارے ساتھ ڈاکٹر شیر افگن صاحب بیٹھے ہیں ان کے متعلق ایک شعر جو میں نے پرانے ملاؤں سے سنا تھا آپ کو سناتا ہوں۔۔۔۔

جناب چیئرمین: اور پھر اس پر اپنی تقریر ختم کر دیں۔

میر نبی بخش زہری: کہتے ہیں۔

نور جہاں گر بظاہر زن است
در صف مرداں شیر افگن است

اس لئے جناب میں چاہتا ہوں کہ ایسی صورت حال پیدا کریں اور جو ہمارے دوست اور بھائی وزیر ہیں وہ ان کو مشورہ دیں۔ ہم کسی پارٹی بازی میں نہیں البتہ ملکی مفاد میں یقیناً ہم مخالفت کریں گے ہر اس اقدام کی جس سے ملک کو خطرہ ہوگا ہم ایسے اقدامات کی مخالفت کریں گے۔ جیسا کہ آج کل بدقسمتی سے کراچی اور حیدر آباد میں پچھلے دنوں ہوا ہے اور ابھی تک ہو رہا ہے۔ تو یہ کیا ہو رہا ہے۔ ایسا کبھی بھی پاکستان کی تاریخ میں نہیں ہوا کہ اس قسم کے حالات ہو جائیں۔ ان الفاظ کے ساتھ جناب چیئرمین! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ میں بھی جانتا ہوں کہ آپ چاہتے ہیں کہ میں اور کچھ نہ کہوں۔ میں سینیٹرز برادری سے درخواست کرتا ہوں کہ آیئے ہم ملے کر سے ایک طاقت ور سینیٹرز برادری بنائیں جس طرح پہلے بنائی تھی، apart from politics وہ اپنی جگہ ہے، جس کے جو خیالات ہیں وہ اپنی جگہ ہیں مگر چوٹ ہم مل کر دیں گے۔ میں ان الفاظ کے ساتھ ختم کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: شکریہ جناب، جناب میر صاحب، آپ پانچ منٹ میں کچھ کہنا چاہیں گے۔

میر غلام حیدر تالپور: جناب والا! پانچ منٹ تو تھوڑے ہیں۔

جناب چیئرمین: چلیں، سات منٹ، میر صاحب مختصر تقریر کرتے ہیں لیکن بامعنی تقریر کرتے ہیں یعنی کہ کوزہ میں دریا بند کر دیتے ہیں۔ شکریہ!

میر غلام حیدر تالپور: نحمدہ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم، واعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، جناب چیئرمین! میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے ایک اہم موضوع پر زیادہ نہیں، تو کچھ منٹ اپنے خیالات کے اظہار کا موقع فراہم کیا ہے۔

جناب والا! ہمارے صدر محترم نے جو مفصل اور مفکرانہ تقریر فرمائی اس پر سیر حاصل تبصرہ میرے ساتھیوں نے بڑے وسیع و عریض طریقے سے کیا ہے اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اب اس میں سوائے اپنی تھوڑی بہت شکایتوں کے اور کچھ نہیں رہ گیا ہے جو آپ کی وساطت سے میں اس ایوان میں عرض کروں گا۔

جناب والا! یہاں میں یہ عرض کرنا مناسب سمجھتا ہوں کہ صدر صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ اس وقت تقریباً ۳۶ آرڈیننس پارلیمنٹ سے منظوری کے منتظر ہیں۔ میری التجا تھی کہ تنقید کو برداشت کرنے کا حوصلہ پیدا کیا جائے اور مخالفت برائے مخالفت سے احتراز کیا جائے مگر دیکھنے میں یہ آیا ہے کہ اچھے سے اچھے کام میں اس لئے کیڑے نکالے گئے کہ وہ دوسرے فریق نے شروع کیا تھا یا اس کا Credit مخالف فریق کو جانے کا اندیشہ تھا اب جناب اس کیلئے میں ایک چھوٹی سی مثال عرض کرتا ہوں کہ ٹنڈو جام میں صوبہ سندھ کی ایک ہی زرعی یونیورسٹی ہے۔ چھوٹا سا شہر ہے مگر کافی مشہور ہے جونیجو صاحب کے دور میں پانچ نکاتی پروگرام کے تحت جو فنڈز مجھے ملے دو سال کے سارے فنڈز میں نے وہاں کالج کے لئے دے دیئے۔ جو چالیس لاکھ روپے تھے اور اس وقت کالج ہر لحاظ سے تیار ہے۔ اب فرنیچر اور سٹاف درکار ہے۔ لیکن اس وقت اپنے بھائیوں اور حکام کو دعوت دیتا ہوں کہ وہاں جاکر کالج کی حالت دیکھیں۔ کالج میں جناب والا!

جواء کھیلا جاتا ہے اور سارا دن اس میں چرس اور ہیروئن پی جاتی ہے اور نشے کے دھوئیں اٹھتے نظر آتے ہیں ۔ یہ محض اس لئے کہ کالج کی تعمیر کا Credit جونیجو صاحب کو جاتا ہے ۔ ان کے پانچ نکاتی پروگرام کو Credit جاتا ہے اور جونیجو صاحب کے ایک چھوٹے سے سینیٹر کو credit جاتا ہے، چنانچہ کالج میں تعلیم کی بجائے جواء کھیلا جارہا ہے اور وہ منشیات کے استعمال کا اڈا بن گیا ہے ۔ دکھ کی بات یہ ہے کہ جناب ہمارے وزیر داخلہ اعتزاز صاحب حیدرآباد دورہ پر گئے تو انہوں نے اتنا بھی نہیں کیا کہ ہمیں بلاکر اپنے ساتھ بٹھالے ۔ چیف منسٹر آتے ہیں وہ بھی ہمیں بالکل نظرانداز کرجاتے ہیں ۔ یہی حال قاضی صاحب اور شیخ صاحب کے ساتھ بھی ہے اور ہم انشاءاللہ ان کو نظرانداز کردیں گے ۔ مجھے ایک چھوٹا سا شعر یاد آتا ہے ۔ ؎ کیا حال ہے کیا ماضی تھا

اے چشم مؤرخ کیا دیکھا
جب انسان وقت بدلتے تھے
اب وقت نے انسان بدلے ہیں

ہارس ٹریڈنگ اور سٹاک ایکسچینج کو تو گولی مارو یہاں تو ہر وقت یہ راگ الاپا جارہا ہے کہ یہ چیز ہمیں ورثے میں ملی ہے ۔ میں پوچھتا ہوں کہ کوئی تو اچھی چیز آپ کو ورثے میں ملی ہوگی ؟

گذشتہ رات میں نے ٹی ۔ وی پر ایک ایم این اے کا انٹرویو سنا وہ کہہ رہے تھے کہ پیپلز پروگرام بڑا اچھا اور زبردست پروگرام ہے لیکن مخالفت والے خواہ مخواہ "ایویں ای" اس کی مخالفت کررہے ہیں ۔ تو میں نے کہا کہ بھائی ہم "ایویں ای" مخالفت نہیں کررہے ہیں ۔ پیپلز پروگرام بہت اچھا ہے ہم اس کو پسند کرتے ہیں ۔ اس پروگرام کو تین سو کروڑ روپے غیر ترقیاتی مد میں سے دے گئے ہیں ۔ ہم لوگوں کا اعتراض صرف اور صرف یہ ہے کہ یہ پیسے ممبران صوبائی اسمبلی، سینیٹرز، قومی اسمبلی کے ممبران کو دیئے جائیں جبکہ آپ ایرے غیرے نتھو خیرے کو دے رہے ہیں اسی پر ہمیں اعتراض ہے کہ ایسا نہیں ہونا چاہیئے ۔

جناب ہمیں محترمہ کے لئے بڑا احترام ہے ۔ محترمہ سندھ کی معزز بیٹی ہے اور ہمیں محترمہ سے بڑی امیدیں وابستہ تھیں اور اب بھی ہیں لیکن مجھے بڑا دکھ پہنچا ہے ۔ کہ محترمہ کو ایسے Adviser ملے، اور راس آئے جن سے وہ حکومت چلانے میں

totally fail ہوگئی ہیں۔ سال بھر کے عرصے میں جوانہوں نے حکومت چلائی اس میں حیدر آباد کی حالت یہ ہے جناب والا! کہ اب تو گھر سے نوکر مارکیٹ تک سودا سلف لینے نہیں جا سکتا۔ خدا گواہ ہے کہ ہم لوگ ٹھیلے والے کے انتظار میں رہتے ہیں کہ اس سے پیاز، آلو وغیرہ ترکاری کے لئے لے کر گھر میں پکائیں یہ ہے حیدر آباد کی پوزیشن۔

نئی روشنی کے اساتذہ بے روزگار کر دئے گئے ہیں اور ان کے گھروں میں فاقے ہیں ان کے بچے رات کو بھوکے سو جاتے ہیں۔ میں نے اپنے الاٹ شدہ کوٹے سے کچھ لوگوں کو نوکریاں دیں۔ اب وہ لوگ میرے پاس آتے ہیں کہ سائیں ہماری نوکریاں تو ختم کر دی گئی ہیں تو بتایئے کہ میں ان کو کیا جواب دوں بس یہی کہتا ہوں کہ ہمارے دوست یار جب منسٹر بن جائیں گے تو آپ کو نوکریاں دلوا دیں گے۔ ابھی تو ہم کچھ نہیں کر سکتے ہم مجبور ہیں۔ لیکن مجھے پتہ ہے کہ وہ اتنے غریب ہیں کہ ان کے بچے رات کو بھوکے سو جاتے ہیں۔ یہ چونکہ جونیجو صاحب کو credit جا رہا تھا اسی لئے with a stroke of pen پورے کا پورا محکمہ ہی ختم کر دیا۔ میں اپنی تقریر اسی شعر پر ختم کرتا ہوں۔

؎ وہ عشق کی وسعت کیا جانیں محدود ہے جن کی فکر و نظر
وہ درد کی عظمت کیا سمجھیں بے درد جو انساں ہوتے ہیں

جناب چیئرمین: اس خوبصورت شعر کے بعد

I well read the prorogation order of the President.

In exercise of the powers conferred by Clause 1 of Article 54 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I hereby prorogue the Senate on the conclusion of its sitting on 4th January, 1990.

Sd/-
(Ghulam Ishaq Khan)
President

So, the House is prorogued *since die*.

[The house adjourned sine die]
